★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | ہفتہ 7 رمضان المبارک 1446ھ، 8 مارچ 2025ء، 24 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 133

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، مریم نواز

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیرصدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے اجلاس، ڈپٹی کمشنر لاہور نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر رپورٹ پیش، نیسپاک "انسپکٹر ایپ" کے ذریعے پراجیکٹ کی انسپکشن کر سکے گا

دیہات میں بھی گلیاں شہروں کی طرح بہترین بنائی جائیں، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا بھل صفائی کرانے کا حکم، مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر سیوریج سسٹم بنانے کی ہدایت

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں لاہور ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لاہور نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر رپورٹ پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مرین نواز لاہور ڈویلپمنٹ پلان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان ہمارا اتحادی ہے، امریکہ

داعش دہشت گرد شریف اللہ کی گرفتاری، ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا پاکستان سے اظہار تشکر

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے کابل ایئرپورٹ دھماکے میں ملوث داعش دہشت گرد شریف اللہ کی گرفتاری میں تعاون پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے میڈیا بریفنگ میں صحافیوں کو بتایا کہ شریف اللہ کی گرفتاری کا کریڈٹ پاکستان کو جاتا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ شریف اللہ کی گرفتاری اس بات کا مظہر ہے کہ دہشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

ٹڈاپ اسکینڈل کیس میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی 3 مقدمات سے بری

پنجاب حکومت گرفتار سینیٹرز کو پیش کرے ورنہ کل اجلاس کی صدارت نہیں کرونگا، ہمیشہ قوانین کی مطابق ذمہ داریاں ادا کی ہیں: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی

2013 سے یہ کیس چل رہا ہے، کسی گواہ نے یوسف رضا گیلانی کے خلاف بیان نہیں دیا، اللہ کا شکر ہے کہ آج یوسف رضا گیلانی سرخرو ہوئے ہیں، فاروق ایچ نائیک

کراچی (این این آئی) وفاقی اینٹی کرپشن کورٹ نے ٹڈاپ اسکینڈل سے متعلق 3 مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے سابق وزیراعظم اور موجودہ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کو تینوں مقدمات سے بری کر دیا، میڈیا سے گفتگو میں یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پنجاب حکومت گرفتار سینیٹرز کو پیش کرے ورنہ کل احتجاجا اجلاس کی صدارت نہیں کروں گا۔ کراچی کی وفاقی اینٹی کرپشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

اتنا عرصہ گزر گیا پھر بھی ارشد شریف کیس میں اتنی تاخیر کیوں ہوئی؟ جسٹس امین الدین

سپریم کورٹ کے 6 رکنی آئینی بینچ نے ارشد شریف قتل سے متعلق ازخود نوٹس کیس کی سماعت کی، وفاقی حکومت نے کینیا کیساتھ باہمی قانونی امداد کے معاہدے کی توثیق کیلئے وقت مانگ لیا

3 ماہ بعد بھی وقت مانگا جا رہا ہے؟، آئینی بینچ، عدالت نے صحافی ارشد شریف کے قتل کے کیس میں حکومت کو روزانہ کی بنیاد پر ہونیوالی پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (یو این پی) ارشد شریف قتل ازخود نوٹس کیس میں وفاقی حکومت کی جانب سے کینیا کے ساتھ باہمی قانونی امداد کے معاہدے کی توثیق کیلئے وقت مانگنے پر سپریم کورٹ نے پیشرفت میں سست روی پر سخت سوالات اٹھا دیئے، سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے سینئر صحافی ارشد شریف کے قتل کے کیس میں حکومت کو روزانہ کی بنیاد پر ہونیوالی پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کا حکم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کاروباری برادری ملک کا اثاثہ ہے شہباز شریف

ملکی کاروباری شخصیات کے وفد کی شہباز شریف سے ملاقات، حکومتی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار، کاروباری برادری و سرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے پر خراج تحسین پیش

شرح سود و مہنگائی شرح میں خاطر خواہ کمی آ چکی ہے، وزیراعظم،، وفد کے شرکاء نے حکومت کی کاروبار دوست پالیسیوں کو سراہا اور مختلف شعبوں کے حوالے سے تجاویز پیش کیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ الحمدللہ ملکی معیشت صحیح سمت کی طرف گامزن ہے، شرح سود و مہنگائی شرح میں خاطر خواہ کمی آ چکی ہے، کاروباری برادری ملک کا اثاثہ ہے، پاکستان کی معیشت کا پہیہ یہیں سے چلے گا۔ جمعہ کو ملکی کاروباری شخصیات کے وفد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم پاکستان نے سول سرونٹ پروموشن رولز میں تبدیلی کر دی

نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، سٹیبلشمنٹ ڈویژن نے نیا ایس آر او جاری کر دیا

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے سول سرونٹ پروموشن رولز میں تبدیلی کر دی، اس حوالے سے سٹیبلشمنٹ ڈویژن نے نیا ایس آر او جاری کر دیا، گزٹ آف پاکستان میں رولز کی تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، نئے ایس آر او کے مطابق گریڈ 22 میں پروموشن کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

صدر مملکت نے پارلیمنٹ کا مشترکہ اور قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کر لیا

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 10 مارچ (بروز پیر) سہ 3 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت نے پارلیمنٹ کا مشترکہ اور قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کر لیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 10 مارچ (بروز پیر) سہ 3 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں طلب کیا ہے۔ آصف علی زرداری نے پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

آئی ایم ایف مذاکرات؛ بجلی بلوں پر جی ایس ٹی ختم کرنے کی تجویز مسترد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات میں بجلی کے صارفین کے لیے قیمتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے برطانیہ کی ہائی کمشنر جین میرٹ ملاقات کر رہی ہیں

IMF کا کیپٹو پاور پلانٹس پر گیس ٹیرف فوری نافذ کرنے کا مطالبہ

غیر قانونی تمباکو مارکیٹ کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ، نیب اصلاحات پر حکومت سے رپورٹ بھی طلب کر لی گئی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے کیپٹو پاور پلانٹس پر گیس ٹیرف فوری نافذ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے بیک ڈیٹ ٹیرف پر اعتراض لگا دیا جبکہ نیب اصلاحات پر حکومت سے رپورٹ بھی طلب کر لی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے کیپٹو پاور پلانٹس پر گرڈ ٹرانزیشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

الیکٹرک بسوں پر وزیراعلیٰ کی ذاتی تشہیر، چیف سیکرٹری، ڈی جی پی آر سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے الیکٹرک بسوں پر وزیراعلیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بانی پی ٹی آئی کا نام میڈیا پر نشر نہ کرنے کیخلاف درخواست، دلائل کیلئے طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کا نام میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ مختلف وکلاء کے وفود سے ملاقات کر رہے ہیں

تنخواہ دار طبقے اور کچھ سیکٹرز کو ریلیف دینے کی تجویز آئی ایم ایف کو پیش

آئی ایم ایف کی منظوری سے ان شعبوں پر ٹیکس بوجھ کم کیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف سے اقتصادی جائزہ مذاکرات کے دوران پاکستان کی طرف سے رئیل اسٹیٹ، پراپرٹی، بیورجز اور تمباکو سیکٹر کو ریلیف دینے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی منظوری سے ان شعبوں پر ٹیکس بوجھ کم کیا جائے گا، ا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

بجلی صارفین کیلئے خوشخبری، بجلی 2 روپے 12 پیسے فی یونٹ سستی

بجلی کی قیمتوں میں کمی جنوری کی فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کی گئی

کاہنہ (یو این پی) بجلی صارفین کیلئے خوشخبری، بجلی 2 روپے 12 پیسے فی یونٹ سستی؛ جاوید عبداللہ، نیپرا کی جانب سے ڈسکوز صارفین کے لیے بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 12 پیسے فی یونٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری جرنلسٹ سپورٹ فنڈ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

مریم نواز پنجاب کے صحافیوں کیلئے تاریخی اقدامات کر رہی ہیں، عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت نے جرنلسٹس سپورٹ فنڈ کی رقم 5 سے بڑھا کر 10 کروڑ کر دی، جرنلسٹ انڈوونمنٹ فنڈز کی رقم ڈبل کر دی ہے: پنجاب حکومت

وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی زیرصدارت جرنلسٹ سپورٹ فنڈ کا اجلاس ہوا، صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری و دیگر موجود تھے

لاہور (سمیعہ فیاض) پنجاب حکومت نے جرنلسٹس سپورٹ فنڈ کی رقم پانچ کروڑ سے بڑھا کر 10 کروڑ کر دی۔ وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی زیرصدارت جرنلسٹ سپورٹ فنڈ کا اجلاس ہوا جس میں ایڈیشنل انفارمیشن سیکرٹری محمد نواز گوندل، ڈپٹی سپیکر ٹری فنانس رافعہ قیوم، صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری و دیگر موجود تھے۔ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

وزیر قانون سے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز کی ملاقات

عدالتوں میں زیرسماعت کیسوں میں محکموں کا موقف بھرپور انداز میں پیش کیا جائے، صہیب بھرتھ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ سے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب محمد امجد پرویز ایڈووکیٹ نے ان کے دفتر میں ملاقات کی، اس موقع پر سیکرٹری قانون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مشال یوسفزئی کی اڈیالہ جیل داخلے پر پابندی، رجسٹرار آفس کے اعتراضات ختم

مشال یوسفزئی کے جیل میں داخلے پر پابندی کا کیس، یہ سب جہاں سے ہو رہا ہے اس کا نام بھی ہم نہیں لے سکتے، جسٹس سردار اعجاز

اس وقت ہم سب ایک ہی کشتی کے سوار ہیں اور دوسری کشتی میں کوئی اور سوار ہے، جسٹس سردار اعجاز کے سماعت کے دوران ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی رہنما مشال یوسفزئی کی جیل میں داخلے پر پابندی کے خلاف توہین عدالت کی درخواست میں ایڈووکیٹ جنرل اور مشال یوسفزئی کی نوک جھوک کے دوران جسٹس سردار اعجاز نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آپ دونوں آپس میں کیوں لڑ رہے ہیں اور سمجھتے کیوں نہیں کہ یہ کسی اور جگہ سے ہو رہا ہے، یہ سب جہاں سے ہو رہا ہے اس کا نام بھی ہم نہیں لے سکتے جبکہ ہائی کورٹ نے مشال یوسفزئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

فیصل جاوید کا نام پی این آئی ایل سے نہ نکالنے پر وفاق سے جواب طلب

اسلام آباد پولیس نے فیصل جاوید کا نام لسٹ میں ڈالنے کی درخواست کی، ایف آئی اے

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے فیصل جاوید کا نام پی این آئی ایل سے نہ نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر وفاقی حکومت سے جواب طلب کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین ایوان صنعت و تجارت رحیم یار خان کے صدر کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

26 نومبر احتجاج کیسز، عدالت نے بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی

اسلام آباد (یو این پی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پنجاب پبلک سروس کمیشن کے 4 افسران کی گریڈ 19 میں ترقی

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے 4 افسران کو گریڈ 19 میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

بحریہ ٹاؤن کراچی واٹر کارپوریشن کا سب سے بڑا نادہندہ نکلا 14.78 ارب روپے واجب الادا

کراچی (این این آئی) بحریہ ٹاؤن کراچی کی انتظامیہ کراچی واٹر اینڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

دہشتگردی پر قابو پانے کیلئے افغانستان سے بات چیت ناگزیر ہے، بیرسٹر سیف

وفاق نے افغانستان سے بات چیت کیلئے طے شدہ ٹی او آرز سرد خانے میں ڈال دیے ہیں، بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے افغانستان سے بات چیت کرنا ناگزیر ہے۔ اپنے ایک بیان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

عمران خان سے ملاقات نہ کروانے کا معاملہ پھر عدالت پہنچ گیا

اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے ملاقاتیں نہ کروانے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان سے وکلاء اور پارٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وفاقی وزیر شیزا فاطمہ این ٹی سی کنٹرول روم کے دورہ کے موقع پر خطاب کر رہی ہیں

امریکا، سینیگال سمیت 8 ملکوں سے مزید 37 پاکستانی بے دخل، 3 زیر حراست

کراچی (این این آئی) امریکا، قبرص، سینیگال سمیت 8 ممالک سے مزید 37 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا، جن میں سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

یوکرین کے صدر پیر کو سعودی عرب کا دورہ کریں گے

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولودی میرزیلنسکی نے کہا ہے کہ پیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

امریکہ، حماس اور مصر کے درمیان مذاکرات مثبت انداز میں ختم

قاہرہ (این این آئی) دو مصری ذرائع نے بتایا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایلچی، حماس رہنماؤں اور قاہرہ اور دوحہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

برطانیہ نے مرکزی بینک سمیت شام کے 24 اداروں پر سے پابندیاں اٹھالیں

لندن (این این آئی) برطانوی حکومت نے 24 شامی اداروں پر عائد پابندیاں اٹھالی ہیں۔ ان اداروں میں مرکزی بینک سمیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

ملکی قرضوں کا مجموعی حجم 72 ہزار ارب روپے سے متجاوز، ہر شہری ساڑھے 3 لاکھ کا مقروض

کراچی (این این آئی) پاکستان کے قرضوں کا مجموعی حجم 72 ہزار ارب روپے سے متجاوز، ہر پاکستانی ساڑھے تین لاکھ روپے سے زائد کا مقروض ہو گیا۔ اسٹیٹ بینک کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق ایک سال میں ملکی قرضوں کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

سلمان اکرم کی بات ساتھ چلنے اور ساتھ چلانے والی نہیں، جے یو آئی سینیٹر

ممکن ہے ہم اسٹیبلشمنٹ سے ہاتھ ملانے کی خواہش کے بغیر آگے بڑھنے کا سوچ رہے ہوں، کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی ف کے رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ کا کہنا ہے کہ سلمان اکرم راجا نے اتحاد سے متعلق جو بات کی ہے وہ ساتھ چلنے والی اور ساتھ چلانے والی دوستوں کی بات نہیں ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں سینیٹر کامران مرتضیٰ کا کہنا تھا ممکن ہے ہم اسٹیبلشمنٹ سے ہاتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)



اسلام آباد، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم رمضان پیکیج کے شفاف نفاذ کیلئے خصوصی کنٹرول روم قائم

وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام شزا فاطمہ خواجہ کا رمضان پیکیج کی مانیٹرنگ کے نظام کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم رمضان پیکیج کے شفاف نفاذ اور موثر مانیٹرنگ کے لیے نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن میں خصوصی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا۔ وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام شزا فاطمہ خواجہ نے این ٹی سی کے کنٹرول روم کا دورہ کیا اور رمضان پیکیج کی مانیٹرنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

عافیہ واپسی کیس، امریکا سے معاہدہ نہیں پھر بھی بندہ پکڑ کر حوالے کر دیا؟ ہائیکورٹ

آپ کیس سے چھٹکارا چاہتے؟، ایسا رویہ اپنانے سے پوری دنیا کو پتا لگ جائیگا حکومت پاکستان نے کیا کیا، جج کا ایڈیشنل اٹارنی جنرل سے مکالمہ

وفاقی حکومت کی جانب سے عافیہ صدیقی کی رہائی کی درخواست فوری نمٹانے کیلئے متفرق درخواست پر نوٹس جاری، جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) عافیہ صدیقی واپسی سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے استفسار کیا ہے کہ امریکا کے ساتھ قیدیوں کے تبادلے کا معاہدہ نہیں پھر بھی بندہ پکڑ کر ان کے حوالے کر دیا۔ جمعہ کو ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی صحت یابی اور وطن واپس لانے کی درخواست پر سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہوئی۔ دوران سماعت وفاقی حکومت کی جانب سے عافیہ صدیقی کی رہائی کی درخواست فوری نمٹانے کیلئے متفرق درخواست دائر کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں محکمہ آبپاشی اور ورکس اینڈ سروسز کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: پنجاب اسمبلی میں بنوں حملے کی مذمتی قرارداد جمع

حملے کے ذمے داروں کو فوری قانون کٹہرے میں لا کر سخت ترین سزا دی جائے، قرارداد کا متن

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں بنوں میں ہونے والے حملے کی مذمت کے لیے قرارداد جمع کروا دی گئی۔ پنجاب اسمبلی کی رکن ایم پی اے سارہ احمد اور مہوش سلطانہ کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

کے پی میں سیکیورٹی کی خراب صورتحال، وفاقی اور صوبائی حکومت کو نوٹس

عدالت نے صوبائی سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس سمیت دیگر سے جواب بھی طلب کر لیا ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں سیکیورٹی کی خراب صورتحال پر پشاور ہائیکورٹ نے وفاق اور صوبائی حکومت سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



اسلام آباد وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ سے امریکی نمائندہ ملاقات کر رہا ہے

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد عباس
سٹی نیوز

مختلف وارداتوں میں موبائل فون، نقدی اودیگر اشیاء چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں موبائل فون، نقدی اودیگر اشیاء چوری۔محلہ اسلام پورہ کے اسد کے گھر کی دوسری منزل سے چارپائی، ریڑھی، ایئر کنڈیشن کا آؤٹ ڈور مالیتی 15 ہزار روپے چوری کرکے لے گئے،لوڑھکی کے محمد جاوید کی پانی والی موٹر چوری،منڈیکی گورائیہ کے دلاور کے ڈیرہ سے سیف الماری سے نقدی چوری،گلوٹیاں خورد کے محمد کا بیٹا یاسین کا موبائل دوکان کے کاؤنٹر سے چوری،ڈھولن کے ریاض کے ڈیرہ سے پانی والی موٹر مالیتی 7 ہزار چوری پولیس نے مقدمات درج کرلئے

کمشنر ساہیوال کا بازاروں میں دوبارہ ریڑھیاں کھڑی ہونے پر اظہار ناراضگی

تجاوزات سے عوام کو جو ریلیف ملا اسے ضائع نہیں جانے دیں گے



ساہیوال (مہر اے ڈی کیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا بازاروں میں دوبارہ ریڑھیاں کھڑی ہونے پر اظہار ناراضگی، تجاوزات سے عوام کو جو ریلیف ملا اسے ضائع نہیں جانے دیں گے، کارپوریشن کا عملہ تمام ریڑھیوں کو بازاروں سے نکال کر مختص جگہوں پر بجھوائے، کمشنر کی ہدایت۔شربت بازار میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کاروائی کی جائے، اندرون سوڑی گلی میں جاری کاروائی کی سست روی پر بھی اظہار تشویش۔وہ یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر صفدر حسین، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

لیسکو ریجن میں میں افطاری کے اوقات میں بجلی کی سپلائی جاری رہی

لیسکو کے 21 سو سے زائد فیڈرز میں سے کسی بھی فیڈر سے بجلی کی سپلائی معطل نہیں ہوئی

لاہور (خبرنگار) ترجمان لیسکو کی جانب سے جاری ہونیوالے اعلامیے کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی شاندار حکمت علی کے باعث لیسکو کی جانب سے رمضان المبارک میں افطاری کے دوران ریجن بھر میں لوڈشیڈنگ صفر ہوگئی، افطاری کے اوقات میں لیسکو کے 21 سو سے زائد فیڈرز میں سے کسی بھی فیڈر سے بجلی کی سپلائی معطل نہیں ہوئی۔خیال رہے کہ لیسکو حکام نے رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام انتظامات مکمل کرلیے تھے جس کے باعث چھٹے افطار کے اوقات میں بھی لیسکو کے تمام فیڈرز پر بجلی کی بلاتعطل فراہمی جاری رہی اور کسی علاقے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ افطاری کے وقت منیجر جی ایس او آفتاب بٹ منیجر ڈسپوزل راوعدنان ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشن سلمان حیدر کنٹرول روم میں موجود رہے۔پی ڈی سی کا عملہ 24 گھنٹے بجلی کے ترسیلی نظام کی مانیٹرنگ کررہا ہے۔چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر اس سارے عمل کی نگرانی کررہے ہیں۔لیسکو انتظامیہ کی جانب سے صارفین سے اپیل کی گئی ہے کہ کسی بھی پریشانی کی صورت میں فوری طور 118 پر رابطہ کریں تاکہ چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی جانب سے خصوصی ڈیوٹی پر تعینات ٹیمیں آپ کے مسائل کو فوری طور پر حل کریں گی۔

نماز وں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



لاہور: پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں سپیکر ملک محمد احمد خان اور اسمبلی افسران قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا خواتین کے عالمی دن پر خصوصی پیغام

یہ دن خواتین کی صلاحیتوں، قربانیوں اور خدمات کے اعتراف کا دن ہے۔ ملک محمد احمد خان

خواتین کسی بھی معاشرے کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (خبرنگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن خواتین کی صلاحیتوں، قربانیوں اور خدمات کے اعتراف کا دن ہے۔خواتین کسی بھی معاشرے کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، اور ان کے بغیر ایک خوشحال اور متوازن سوسائٹی کا تصور ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارا دین اسلام خواتین کے حقوق کا سب سے بڑا محافظ ہے، جس نے چودہ سو سال قبل عورت کو عزت، برابری اور مساوی حقوق دیے۔ ماں کے قدموں تلے جنت، بیٹی کو رحمت اور بہن کو عزت کا درجہ دیا گیا۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق، خواتین کو ہر شعبہ زندگی میں مثبت کردار ادا کرنے کی مکمل آزادی اور حوصلہ افزائی حاصل ہے۔سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان کی خواتین نے ہمیشہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ تحریکِ پاکستان میں مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح اور بیگم رعنا لیاقت علی خان کی خدمات ہوں، محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی قیادت ہو یا ملالہ یوسف زئی کی تعلیم کے لیے جدوجہد، ہماری خواتین نے ہر دور میں اپنی ذہانت، ہمت اور عزم کی مثالیں قائم کی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستانی خواتین تعلیم، صحت، سیاست، معیشت، عدلیہ اور دیگر شعبوں میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کررہی ہیں، جو ایک روشن اور ترقی یافتہ پاکستان کی علامت ہے۔ ملک کی تقریباً نصف آبادی خواتین پر مشتمل ہے، اور ان کی ترقی و خوشحالی درحقیقت پاکستان کی ترقی و خوشحالی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ خواتین کے تحفظ، مساوی حقوق، معیاری تعلیم، صحت کی سہولیات اور معاشی خودمختاری کے لیے مؤثر پالیسیوں پر عمل کیا جا رہا ہے۔اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ خواتین کے حقوق اور تحفظ کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی، میڈیا اور ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔آخر میں، سپیکر نے تمام خواتین کو اس دن کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں خواتین کو ان کے حقوق، عزت اور مساوی مواقع حاصل ہوں، تاکہ وہ ملک کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔

ڈیفنس سی پولیس نے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات کی بڑی ترسیل ناکا بنا کر 2 منشیات فروش گرفتار کرلیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈیفنس سی پولیس نے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات کی بڑی ترسیل ناکا بنا کر 2 منشیات فروش گرفتار کرلیے ترجمان کے مطابق ڈیفنس سی پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ بین الضلاعی ریکارڈ یافتہ منشیات فروش اشرف مسیح اور تنویر کو منشیات کی ڈلیوری دینے کے لیے آتے ہوئے رنگے ہاتھوں کروڑوں روپے مالیت کی 12 کلو منشیات سمیت گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے بیرون ملک سے اسمگل کرکے علاقہ غیر سے بزریعہ ان لائن منشیات منگوا کر لاہور سمیت مختلف اضلاع میں سپلائی دینے کا اعتراف کیا ہے



چینی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس (سی پی پی سی) کی 14 ویں قومی کمیٹی کی رکن یانگ یونی چین کے دارالحکومت بیجنگ کے عظیم عوامی ہال میں 14 ویں سی پی پی سی قومی کمیٹی کے تیسرے سیشن کے دوسرے مکمل اجلاس سے قبل ایک گروپ انٹرویو دے رہی ہیں۔شہباز

آئی جی پنجاب نے 39 ڈی ایس پیز کی ترقی کی سفارشات حکومت پنجاب کو بھجوادیں ہیں

پنجاب پولیس کے ڈی ایس پیز کے لیے بڑی خوشخبری، ایس پی عہدے پر ترقی کے لیے اہل قرار دیا گیا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس کے ڈی ایس پیز کے لیے بڑی خوشخبری، آئی جی پنجاب نے 39 ڈی ایس پیز کی ترقی کی سفارشات حکومت پنجاب کو بھجوادیں ہیں، جنہیں ایس پی عہدے پر ترقی کے لیے اہل قرار دیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی زیر صدارت گزشتہ روز پروموشن بورڈ کا اجلاس ہوا، جس میں 133 ڈی ایس پیز کے کیسز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں میرٹ اور قواعد وضوابط کے مطابق 39 ڈی ایس پیز کو ترقی کے لیے اہل قرار دیا گیا ہے۔ترقی کے لیے اہل قرار دیے جانے والے افسران میں ڈی ایس پی ٹریفک ریاض احمد، شاہد رشید، ساجد محمود، یوسف ہارون، فواد احمد، منیر بدر، شفقت ندیم، کاشف عبداللہ، رمیز احمد، رضا اللہ، علی اختر، شاہد شفیق، عامر مشتاق، شاہد نذیر، جان محمد، محمد خان، عرفان الحق، بابر ممتاز، سعید احمد، منصور الحسن، اختر علی، عاطف عمران، محمد سلیم، فیاض احمد، جمشید اقبال، محمد طارق، حسن فاروق، نصر اللہ خان، خالد سعید، ظفر جاوید، شاہد اکرام، عصر علی، غازی محمد، عمر فاروق، ذوالفقار علی، مدثر اقبال، ہمایوں افتخار، معظم علی، عادل رشید، سلیم اللہ اور ریاض احمد شامل ہیں۔

شالیمار کے علاقے میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی کو قتل کردیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شالیمار کے علاقے میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی کو قتل کردیا، ڈولفن ٹیم نے قاتل کے فرار ہونے کی کوشش ناکام بنا کر ملزم کو گرفتار کرکے متعلقہ تھانے کے حوالے کردیا، پولیس نے مقتولہ کی لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے مزید قانونی کاروائی کا آغاز کردیا تفصیلات کے مطابق شالیمار کے علاقے غوثیہ چوک کے رہائشی جاوید نامی شخص نے گھریلو ناچاقی پر طیش میں آکر فائرنگ کرکے بیوی 25 سالہ کنزہ کو بے دردی سے قتل کردیا اطلاع ملنے پر شالیمار ڈولفن سکواڈ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے قاتل کو آلہ قتل سمیت گرفتار کرکے مزید قانونی کارروائی کیلئے تھانہ شالیمار کے حوالے کردیا جبکہ پولیس نے مقتولہ کی لاش کو ایدھی رضا کاروں کی مدد سے پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے ملزم سے تفتیش کا آغاز کردیا

نصیر آباد پولیس نے منشیات کے ڈیلر میاں بیوی کو بھاری مقدار میں منشیات سمیت گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس نے منشیات کے ڈیلر میاں بیوی کو بھاری مقدار میں منشیات سمیت گرفتار کرلیا، ترجمان کے مطابق نصیر آباد پولیس نے خفیہ اطلاع پر نواز شریف کالونی ریلوے لائنز کے قریب منشیات فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث صابر اور اس کی بیوی رقیہ بی بی سے 8 کلو 400 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان ضلع قصور کے رہائشی ہیں چونیاں سے نصیر آباد منشیات سپلائی کرنے آئے تھے

منشیات فروش گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) مصطفیٰ ٹاؤن پولیس نے دوران سنیپ چیکنگ 05 منشیات فروش مرد وخواتین منشیات سمیت گرفتار کرکے مقدمات درج کرلیے ترجمان کے مطابق مصطفیٰ ٹاؤن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤ ✕ ن کے دوران منشیات فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث ملزمان حمزہ ،سدرہ، فیاض عرف مٹھو سائیں بلال اور عامر کو گرفتار کرکے ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی 07 کلو 640 گرام سے زائد چرس اور 250 گرام آئس برامد کرکے مقدمات درج کرلیے

سانده کے علاقے میں نالے سے 4 روز قبل اغوا ہونے والے 5 سالہ بچے کی گلی سڑی لاش برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده کے علاقے میں نالے سے 4 روز قبل اغوا ہونے والے 5 سالہ بچے کی گلی سڑی لاش برآمد، پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کردیا تفصیلات کے مطابق سانده کے علاقے ٹی نمبر 5 کے قریب گندے نالے میں بچے کی لاش پڑی دیکھ کر مقامی رہائشیوں نے پولیس کو اطلاع دی جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر ایدھی رضا کاروں کی مدد سے لاش نکال کر پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا پولیس کا کہنا ہے کہ بچے کی شناخت پانچ سالہ رشید کے نام سے ہوئی، جو 4 روز قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہوگیا اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے جلد اصل حقائق سامنے آجائیں گے

سیکرٹری اوقاف کا داتا دربار میں ''عظمتِ سیّدہ کائنات کانفرنس'' سے خطاب

حضرت سیّدہ خاتونِ جنت ؓ فاطمۃ الزہرا کی حیاتِ مبارکہ، انسانیت کے لیے مینارۂ نور ہے۔ سیکرٹری اوقاف

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے داتا دربار میں منعقدہ عظمتِ سیّدہ کائنات کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت سیّدہ خاتونِ جنت ؓ فاطمۃ الزہرا کی حیاتِ مبارکہ، انسانیت کے لیے مینارۂ نور اور آپ ؓ کا اسوۂ بالخصوص خواتین کے لیے لائقِ تقلید ہے۔انہوں نے کہا کہ فتنہ خوارج کی بیخ کنی کے لیے قوم متحد اور پُرعزم ہے، ماہِ رمضان امنِ عالم کا امین ہے، موجودہ حکومت اسلامی اقدار کی سربلندی پر پختہ یقین رکھتی ہے۔ دینی طبقات تشدّد اور دہشت گردی کے قلع قمع کے لیے مستعد ہیں۔انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی، تشدّد اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے صوفیاء کے طرز زیست سے اکتساب فیض وقت کی اہم ضرورت ہے، پاک فوج کے شہدا اور ارضِ پاک کے محافظین کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، جنہوں نے وطن کے جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جانیں قربان کی۔انہوں نے مزید کہا کہ استحکامِ پاکستان کے لیے محراب ومنبر مستعد اور دفاعِ وطن کے تقاضوں سے عہدہ برا ہونے کے لیے پُرعزم ہیں۔خطہ پاک، صوفیاء کی دُعاؤں کا ثمر ہے۔محراب ومنبر ملکی استحکام کا ضامن ہے، علماً اور دینی قوتیں، قومی یکجہتی اور اتحاد واتفاق کے فروغ میں اساسی اور کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔ پاکستان امن وسلامتی کا مرکز اور ہمسایوں کو بھی امن وسلامتی کی تلقین کرتا ہے۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خطیب جامع مسجد داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی و دیگر مقررین نے کہا کہ ماہِ رمضان دینی روایات کی سربلندی کا مہینہ ہے۔محراب ومنبر دفاعِ وطن کے تقاضوں کو نبھانے کے لیے پُرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ وطن کی محبت ایک فطری جذبہ ہے، اور ملک کا ہر شہری اس جذبے سے سرشار ہے، دشمن کے سامنے، اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں۔دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، انتہا پسندی اور تشدد پرستی کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ صوفیاء کے اسلوب دعوت وتبلیغ کو عام کیا جائے۔



ہمدرد فاؤنڈیشن وقف پاکستان کینسر سے یتیموں اور مستحقین میں رمضان پیکیج تقسیم

حکیم سعید شہید ایک عظیم انسان اور محسن پاکستان تھے انکی دختر نے انکا مشن جاری رکھا ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ حکیم عبدالرؤف

لاہور (صابر غوری) چیئر پرسن ہمدرد فاؤنڈیشن وقف پاکستان سعدیہ راشد کی ہدایت پر لاہور کے علاقے مصری شاہ فیض باغ میں یتیموں اور مستحقین میں رمضان پیکیج تقسیم کیا گیا تفصیل کے مطابق فیض باغ میں۔انچارج یونٹ حکیم عبدالرؤف اور تنویر کی زیر نگرانی میں بیواؤں، یتیموں اور مستحق افراد میں راشن تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ ہمدرد فاؤنڈیشن وقف پاکستان نے ہر مشکل گھڑی میں متاثرین کی ہر ممکن مدد کی۔اس موقع پر لوگوں اور وائس آف جرنلسٹس پاکستان کے مرکزی صدر ندیم شہزاد علی صدر VJP و چیف رپورٹر وائی آئی این این نیوز ایجنسی اور مرکزی جنرل سیکرٹری شیخ نعیم احمد ضیاء و چیف رپورٹر سعادت انٹرنیشنل، حسن حافظ عمران الحق شعیب ادریس عاصم بٹ فہد علی قاری زبیر قاری حمزہ اور اہل علاقہ کے معززین نے ڈپٹی ڈائریکٹر سید علی بخاری اور پوری ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ان کا کہنا تھا کہ حکیم سعید شہید ایک عظیم انسان اور محسن پاکستان تھے انکی دختر نے انکا مشن جاری رکھا ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ۔یتیم بچیوں اور بیواؤں نے خصوصی دعائیں کیں۔

شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔تفصیلات کے مطابق فیکٹری ایریا میں عبدالحنان سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ✕ باغبانپورہ میں حمزہ سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ✕ لاری اڈا میں منور سے 85 ہزار روپے اور موبائل فون ✕ گارڈن ٹاؤن میں نوید سے 50 ہزار اور موبائل فون، سندر میں جاوید سے 40 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ بادامی باغ اور کاہنہ سے گاڑیاں جبکہ لیاقت آباد شادباغ اور داتا دربار سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

ریڈیو پاکستان پارک اور دھرم پورہ میں پی ایچ اے کی بہار شجر کاری مہم

بہار شجر کاری مہم میں شہر کے گرین کور کو بڑھانے کے لیے زیادہ سے زیادہ شجر کاری ہمارا ہدف۔ محمد طاہر وٹو

لاہور (صابر غوری) ریڈیو پاکستان پارک اور دھرم پورہ میں پی ایچ اے نے بہار شجر کاری مہم کے تحت ریڈیو پاکستان پارک میں 7 کنال رقبہ اور دھرم پورہ پر شجر کاری کی گئی جبکہ دھرم پورہ گرین بیلٹ پر دو کلو میٹر رقبہ پر شجر کاری کی گئی۔ شجر کاری مہم میں مقامی دیسی سایہ دار اور پھلدار درختوں کی شجر کاری کی گئی۔ دونوں جگہوں پر آم، جام، نیم، جیکارنڈا، دریگ، ارجن سمیت دیگر اقسام کے درخت لگائے گئے۔ اس حوالے سے ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو نے کہا کہ پی ایچ اے نے بہار شجر کاری مہم کا آغاز کردیا ہے۔ بہار شجر کاری مہم میں شہر کے گرین کور کو بڑھانے کے لیے زیادہ سے زیادہ شجر کاری ہمارا ہدف ہے۔ ڈی جی پی ایچ اے نے مزید کہا کہ بہار شجر کاری مہم میں کاشت کئے گئے پودوں کو نشوونما کیلئے زیادہ توجہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ان پودوں کی بقا کی شرح کسی اور موسم میں لگائے گئے پودوں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ ہر شخص بہار کے موسم میں صحت مند ماحول کیلئے اپنے حصہ کا ایک درخت ضرور لگائے۔



میو ہسپتال کے ایم ایس کے ساتھ ہتک آمیز رویے کی شدید مذمت

وزیر اعلیٰ کی طرف سے ڈاکٹروں کے ساتھ توہین آمیز رویہ اختیار تشویشناک ہے

لاہور (خبرنگار) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) لاہور کے عہدیداران نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے میو ہسپتال کے دورے کے دوران ایم ایس کے ساتھ کیے گئے ہتک آمیز رویے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ایم ایس کو عہدے سے ہٹانے کا حکم اور ان کے ساتھ توہین آمیز رویہ ناقابل قبول ہے۔ ان خیالات کا اظہار پی ایم اے لاہور کے ہنگامی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں عہدیداران نے کہا کہ محترمہ وزیر اعلیٰ کی طرف سے ڈاکٹروں کے ساتھ جو توہین آمیز رویہ اختیار کیا گیا وہ تشویشناک ہے۔ ہسپتالوں کو نااہل بیوروکریسی کی نظروں سے دیکھا جاتا ہے نہ کہ مریض یا ڈاکٹروں کی نظروں سے۔ جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ میو ہسپتال مختلف ادویات ساز کمپنیوں کا 2.3 ارب کا مقروض ہے جس کی وجہ بیوروکریسی کی طرف سے فنڈز جاری نہ کرنا ہے۔ اور موجودہ جاری کردہ حصہ صرف 2 کروڑ تھا۔ جلد بازی اور زمینی حقائق کے جانے بغیر میں شروع کیے گئے منصوبے پیسے کا ضیاع ہیں۔ منصوبہ بندی میں شامل نااہل بیوروکریسی، اہم آسامیوں پر قریبی عزیزوں کی تقرری اور صحت کی بدترین نجکاری کی وجہ سے صحت کے دونوں محکمے تباہی کے دہانے پر ہیں۔ سینئر طبی ماہرین کو گرفتاری کی دھمکیاں مرتے ہوئے صحت کے شعبے کے تابوت میں آخری کیل ہے پی ایم اے لاہور کے عہدیداران نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا میو ہسپتال کے ایم ایس کے ساتھ رویہ انتہائی نامناسب اور غیر پیشہ ورانہ تھا۔ ایک منتخب نمائندے کو ایک سرکاری ملازم کے ساتھ اس طرح کا سلوک نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت وزیر اعلیٰ پنجاب کو ایم ایس کو عہدے سے ہٹانے کا کوئی حق نہیں ہے، یہ فیصلہ محکمہ صحت کو کرنا چاہیے۔ عہدیداران نے مزید کہا کہ پی ایم اے ڈاکٹروں اور طبی عملے کے وقار کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔

پاکستان کا ایران سے ہمسائیگی، قلبی، تعلیمی اور روحانی رشتہ قائم ہے: خواجہ سلمان رفیق

ایران کا نظام صحت اشاندار ہونے پر حکومت ایران کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں وزیر صحت پنجاب

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کی ایرانی قونصلیٹ جنرل لاہور آمد ہوئی۔ ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا استقبال کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایرانی قونصل جنرل کو پھولوں کا گلدستہ اور مٹھائی پیش کی۔ سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ذیشان شبیر رانا، چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک رفیق نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کا ایران سے ایک ہمسائیگی، قلبی، تعلیمی اور روحانی رشتہ قائم ہے۔ ایران کا نظام صحت انتہائی شاندار ہونے پر حکومت ایران کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی تمام تر توجہ شعبہ صحت کی بہتری پر مرکوز کئے ہوئی ہیں۔ صحت کے شعبہ کے ساتھ ساتھ امن وامان کی کابینہ کمیٹی کے بطور چیئرمین بھی فرائض سر انجام دے رہا ہوں۔ وزیر اعظم سے واقف ہوں۔ حکومت پنجاب کی نمائندگی کرتے ہوئے 2009 میں ایران کے شہر شیراز گیا تھا۔ انقلاب ایران کا بغور مطالعہ کیا ہے اور اس سے بہت متاثر ہوں۔ حکومت ایران کی جانب سے پیڈریاٹک ہارٹ سرجری میں تعاون کے حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو لکھے گئے خط کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ چاہتے ہیں کے ایرانی پیڈریاٹک ہارٹ سرجن پاکستان آئیں۔ ایرانی سرجنز پنجاب میں ان بچوں کی سرجری کریں گے جن کے دل میں پیدائشی طور پر سوراخ ہے۔ شہباز شریف کی قیادت میں پنجاب میں ویکسی نیشن کی سب سے بڑی مہم چلائی جبکہ 2016 میں پنجاب کو پولیو فری کردیا۔ اب ہمارا ہدف 95 فیصد ویکسی نیشن مکمل کرنے کا ہے۔ شعبہ صحت میں تعاون سے پاکستان اور ایران کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔





ہوم اکنامکس یونیورسٹی کا پہلا بین الاقوامی معاہدہ

سنٹر فار ہیپی نیس کیلئے امریکی فاؤنڈیشن سے 55 ہزار ڈالر کی گرانٹ ملے گی

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس، لاہور نے طالبات کی ذہنی اور جذباتی فلاح و بہبود کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے امریکہ کی ریچی فاؤنڈیشن فار ہیپی نیس کے ساتھ ایک بین الاقوامی شراکت داری قائم کی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر زیب النساء حسین کی قیادت میں ہوم اکنامکس یونیورسٹی نے پہلی بار بین الاقوامی معاہدہ کیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت، ہوم اکنامکس یونیورسٹی کے شعبہ نفسیات میں ہیپی نیس سنٹر اینڈ مائنڈ لیب قائم کی جائے گی جس کا مقصد خوشی کے علم کو تعلیمی سطح پر فروغ دینا ہے۔ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط جامعہ کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر زیب النساء حسین اور ریچی فاؤنڈیشن کے بانی ڈاکٹر ستندر سنگھ ریچی کے درمیان ہوئے، ایم او یو پر دستخط کرنے کی آن لائن تقریب کے موقع پر ڈاکٹر عائشہ سرفراز، ڈاکٹر عائشہ خالد اور ڈاکٹر منزار اشد بھی موجود تھیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر زیب النساء حسین نے اس موقع پر کہا کہ یہ منصوبہ تحقیق اور تعلیمی ترقی کو فروغ دینے، بین الاقوامی کانفرنسوں اور علمی نشستوں کے انعقاد، اور ذہنی صحت کے بارے میں شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اشتراک جامعہ کی مجموعی ترقی کے عزم اور عالمی سطح پر جذباتی و ذہنی فلاح و بہبود میں اس کے کردار کو نمایاں کرتا ہے۔

سینئر صحافی و بیورو چیف روزنامہ سماء ملک مرید حسین کے آفس میں روزہ افطاری کا اہتمام

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) تفصیلات کے مطابق سینئر صحافی و بیورو چیف روزنامہ سماء ملک مرید حسین کے آفس میں روزہ افطاری کا اہتمام کیا گیا جس میں۔ انکے فرزندان۔کوہ نور ٹی وی سے سٹی رپورٹر ملک ایان۔۔سیون نیوز سے ملک وقاص۔اعلان نیوز سے ملک شان اور سینئر صحافی منور شاہ نے شرکت کی اور صحافی برادران نے شرکت کی جن میں لاہور رنگ سے قیصر کھوکھر۔منیر حسین بھٹی۔سی این این سے باسط علی۔چوہدری افسر علی۔عدیل طالب گجر۔وقار انصاری۔عمران جٹ۔فرید جٹ۔نعیم عباسی۔فیصل بٹ۔عبدالرحیم۔یاسر ڈوگن۔محمد نقاش۔دواؤد کھوکھر۔سونو اعوان۔سیاسی کارکن صدام حسین اور روزنامہ قوت کے چیف رپورٹر شہباز احمد بھٹی نے خصوصی شرکت کی

پاکستان میں سے ہمسائیگی، قلبی، تعلیمی اور روحانی رشتہ قائم ہے: خواجہ سلمان رفیق

ایران کا نظام صحت اشاندار ہونے پر حکومت ایران کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں وزیر صحت پنجاب

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کی ایرانی قونصلیٹ جنرل لاہور آمد ہوئی۔ ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا استقبال کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایرانی قونصل جنرل کو پھولوں کا گلدستہ اور مٹھائی پیش کی۔ سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ذیشان شبیر رانا، چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک رفیق نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کا ایران سے ایک ہمسائیگی، قلبی، تعلیمی اور روحانی رشتہ قائم ہے۔ ایران کا نظام صحت انتہائی شاندار ہونے پر حکومت ایران کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی تمام تر توجہ شعبہ صحت کی بہتری پر مرکوز کئے ہوئی ہیں۔ صحت کے شعبہ کے ساتھ ساتھ امن وامان کی کابینہ کمیٹی کے بطور چیئرمین بھی فرائض سر انجام دے رہا ہوں۔ وزیر اعظم سے واقف ہوں۔ حکومت پنجاب کی نمائندگی کرتے ہوئے 2009 میں ایران

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)8 مارچ 2025ء

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم کے انتظامات رمضان سہولت بازار، ہسپتالوں اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا



حافظ آباد (نیوز رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ونگے ٹارڑ، رامکے چٹھہ اور کلیانوالہ سمیت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم کے انتظامات رمضان سہولت بازار، ہسپتالوں اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے یونین کونسل ونگے ٹارڑ، رامکے چٹھہ کلیانوالہ کے دفاتر اور اندرون شہر کموکی روڈ سمیت مختلف علاقوں میں مختلف ہیلتھ کی ٹیلرز و ایجنٹ کی شامل کا دورہ کیا اور وہاں رمضان نگہبان پیکج کے سلسلہ میں رقوم کی شفاف طریقے سے تقسیم کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان پیکج کی رقم حاصل کرنے والے افراد کو متنبہ کیا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے انہیں ملنے والے 10 ہزار روپے کی رقم میں کسی قسم کی کوئی کٹوتی نہیں کی جائیگی اور نہ ہی وہ کسی بھی ریٹیلرز یا ایجنٹ کو اضافی رقم ادا کریں۔ اگر کوئی دوکاندار انکی رمضان پیکج کی رقم میں سے کٹوتی کرے یا ان سے اس مد میں اضافی رقم وصول کرے تو وہ فوری طور پر اس کی شکایت ضلعی انتظامیہ کو کریں۔ ایسے عناصر کے خلاف بروقت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار کا دورہ کرتے ہوئے وہاں آٹا، چینی، کریانہ، سبزیوں اور پھلوں سمیت دیگر سٹالز پر اشیائے خورد و نوش کی دستیابی، رائج قیمتوں اور کوالٹی کا جائزہ لیتے ہوئے مارکیٹ کمیٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ کسی بھی سٹالز پر چیزوں کی کوئی قلت نہیں آنی چاہیے۔ رمضان بازار میں اشیائے خورد و نوش کی ہمہ وقت وافر دستیابی کو یقینی ہونا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ونگے ٹارڑ، رامکے چٹھہ اور کلیانوالہ میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں کی صفائی کو بھی ہر ممکن طریقے سے یقینی بنایا جائے۔

محکمہ صحت کی بنیادی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنے کیخلاف ملازمین میں بے چینی کی لہر دوڑ گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت کی بنیادی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنے کیخلاف ملازمین میں بے چینی کی لہر دوڑ گئی محکمہ صحت کے سینکڑوں بنیادی مرکز صحت کو ٹھیکے پر دیا جا رہا ہے اور سرکاری نوکریاں کرنے والے ملازمین کی جگہ ٹھیکیدار اپنے ملازمین رکھیں گے جس سے حالیہ میڈیکل عملے کی نوکریاں اور چولہے ٹھنڈے ہونے کا دشہ بڑھ گیا گیا محکمہ صحت کے ملازمین نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ جہلم سمیت پنجاب بھر کے بنیادی مراکز صحت میں تقریباً 50 سے 60 ہزار ملازمین خدمات سرانجام دے رہے ہیں حکومت کے آؤٹ سورس کرنے کے عمل سے ملازمین کو ٹھیکیدار نوکریوں سے فارغ کر دیں گے۔

اوکاڑہ پولیس کا بچھڑے ہوؤں کو اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس کا بچھڑے ہوؤں کو اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری۔ تھانہ حویلی لکھا پولیس نے کم سن گمشدہ بچے طلحہ کو والدین سے ملوا دیا۔ ایس ایچ او حویلی لکھا انسپکٹر محمد سرور اور پولیس ٹیم نے بچے کی تلاش کے لیے خصوصی محنت، لگن اور کاوش کی۔ سوشل میڈیا مہم چلائی، قریبی تھانہ جات سے رابطہ کیا۔ 01 گھنٹے کے قلیل وقت میں سخت محنت کے بعد تھانہ حویلی لکھا پولیس نے ننھے طلحہ کو حجرہ روڈ سے تلاش کر لیا۔ پولیس نے بحفاظت بچے کو والدین کے حوالے کر دیا۔ 04 سالہ بچے کی تلاش کے لیے سی سی ٹی وی کیمروں کی بھی مدد لی گئی۔

رمضان ہمیں تحمل و برداشت کا درس دیتا ہے۔ محمد اکمل چیمہ

معاشرے میں عدم برداشت کا خاتمہ کونسلنگ سے ممکن ہے۔ سابق ضلع ناظم سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماہ صیام ہمیں صبر تحمل و برداشت کا درس دیتا اور بلاشبہ روزہ مسلمانوں کیلئے سال میں ایک خصوصی تربیتی مشق ہے جو بھلائی و انسانیت پروری سکھاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سابق ضلع ناظم سیالکوٹ محمد اکمل چیمہ آف لیڈ فیلڈ پرائیویٹ انٹرنیشنل نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس آمد کے موقع پر سنیئر میڈیا نمائندگان کیساتھ کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ معاشرتی بگاڑ و پولرائزیشن کی بنیادی وجہ مناسب تربیت کا فقدان و عدم برداشت ہے۔ آج ہر ایک دوسرے کی بات مکمل سنے اور سمجھے بغیر فوری ردعمل دینا اور ایک دوسرے کی بات برداشت نہ کرنا ہمارے معاشرے کے بگاڑ کی بنیادی وجہ بن چکا ہے۔ اقوام عالم میں آج پاکستان عدم برداشت و پولرائزیشن میں ٹاپ لسٹ ممالک میں آرہا ہے تو اس کی وجہ عدم برداشت اور رواداری و بھائی چارے کا فقدان ہے۔ بطور قوم ہونے کی بجائے ہم سیاسی و مسلکی گروہوں میں بٹ چکے ہیں جس سے نکلنے کیلئے نفرتوں کو ختم کر کے محبت و برداشت اور رواداری اپنانا ہوگی۔ قومی بیانیہ پر عمل پیرا ہو کر ہی پاکستان مستحکم ہو سکتا ہے۔

ماہ مبارک میں شہریوں کیلئے سحری س افطاری بھی مشکل بنادی

سبزیوں پھلوں کی قیمتیں آسمانوں پر پہنچ گئیں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے چپ سادھ لی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور اسکے گرد نواح میں مہنگائی نے ماہ مبارک میں شہریوں کیلئے سحری س افطاری بھی مشکل بنادی، سبزیوں پھلوں کی قیمتیں آسمانوں پر پہنچ گئیں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مجسٹریٹس زمہ داریں نے چپ سادھ لی ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری قیمتوں سے اضافی رقم وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں تاکہ ماہ مبارک میں کم از کم شہریوں کیلئے افطاری کیلئے سامان خریداری حکومت کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق ہو سکے۔

3 روپے فی کلو لیموں 2 سے 3 سو روپے فی کلو فروخت ہو رہے ہیں ڈپٹی کمشنر کی جانب سے قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے نامزد ہونے والے مختلف سرکاری محکموں کے افسران جو بطور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس زمہ داریں نے چپ سادھ لی ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری قیمتوں سے اضافی رقم وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں تاکہ ماہ مبارک میں کم از کم شہریوں کیلئے افطاری کیلئے سامان خریداری حکومت کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق ہو سکے۔

رمضان بابرکت مہینہ اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا ذریعہ ہے، رانا شاہد

پاکپتن (نمائندہ خصوصی) ڈاکٹر رانا شاہد مانڈل نے ماہ مقدس کی آمد پر تمام اہل ایمان کو مبارک دیتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ بابرکت مہینہ اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا ذریعہ ہے، یہ عبادت، صبر، تقویٰ اور قرب الٰہی کا مہینہ ہے، جس میں اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں نازل ہوتی ہیں، یہی وہ مقدس وقت ہے جب قرآن کریم کا نزول ہوا اور ہمیں ہدایت کا راستہ عطا کیا گیا، روزہ ہمیں صبر، شکر اور دوسروں کی تکالیف کا احساس سکھاتا ہے، یہ مہینہ نیکیوں میں سبقت لے جانے، دلوں کو جوڑنے، محتاجوں کا خیال رکھنے اور اللہ تعالیٰ کے قریب ہونے کا بہترین موقع ہے، رانا شاہد مانڈیل نے کہا کہ آئیے اس رمضان کو اپنے گناہوں کی بخشش، نیک اعمال میں اضافہ اور اپنے دلوں کی پاکیزگی کا ذریعہ بنائیں، نماز، تلاوت قرآن، درود و استغفار اور صدقہ و خیرات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کریں۔

پتوکی: سابقہ اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ ریکارڈ میں خرد برد کا مرتکب ہے، عبدالقدوس

سابقہ ATS امیر علی نے مجھ سے 1 لاکھ 31 ہزار 600 روپے لیکر سرکاری فنڈ میں جمع کروانے کی بجائے خرد برد کرلئے، شہری کا الزام

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی میونسپل کمیٹی پتوکی کا سابقہ اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ ریکارڈ میں خرد برد اور جعلسازی کرنے کا مرتکب ہے، عبدالقدوس۔ سابقہ ATS امیر علی نے مجھ سے 1 لاکھ 31 ہزار 600 روپے لیکر سرکاری فنڈ میں جمع کروانے کی بجائے خرد برد کرلئے، شہری کا الزام۔ تفصیل کے مطابق میونسپل کمیٹی پتوکی کے ٹھیکیدار وسحافی عبدالقدوس نے سابقہ اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ میونسپل کمیٹی پتوکی امیر علی جنجوعہ پر الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ مالی سال 2021-22 کے ٹھیکہ سلاٹر ہاؤس کے بقایا جات کی مد میں 1 لاکھ 31 ہزار 600 روپے سابقہ اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ امیر علی جنجوعہ کو جمع کروا کر محکمہ میں زرضمانت جمع کروایا اپنا چیک واپس لے لیا جس رقم کو امیر علی نے محکمانہ فنڈ میں جمع کروانے کی بجائے خرد برد کرلیا اس معاملہ کی بابت میونسپل کمیٹی پتوکی کے بیشتر آفیسران انکوائری کر چکے ہیں مگر امیر علی کی سیاسی پشت پناہی کے باعث فائنل فائنڈنگ دینے کی بجائے انکوائری کرنے سے معذرت کر دیتے ہیں کرپٹ اہلکار اسوقت پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت معطل ہے کیونکہ اس نے سرکاری ریکارڈ میں بھی جعلسازی کر رکھی ہے جس پر ٹھیکیدار عبدالقدوس کا کہنا ہے کہ میں نے اب میونسپل حکام سے انصاف نہ ملنے پر ہمراہ ثبوت ڈائریکٹر اینٹی کرپشن بی ریجن لاہور کو درخواست دائر کر دی ہے۔

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی کرائم کنٹرول کارروائیاں

مختلف مقدمات میں ملوث جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے مقدمات درج، جرائم کنٹرول پر عمائدین شہر اقبال کا سیالکوٹ پولیس کو خراج تحسین



سیالکوٹ (قوت بیورو عامر جاوید) جرائم کی بیخ کنی کے حوالے سے شہر اقبال ضلع سیالکوٹ میں سنگین مقدمات قتل، ڈکیتی، راہزنی، اغوا برائے تاوان میں ملوث کیٹگری A کے 439، کیٹگری B کے 551 مجرمان اشتہاری اور 230 ریکارڈ یافتگان ملزمان گرفتار کئے گئے۔ برآمدگی اسلحہ ناجائز ضلع سیالکوٹ میں ناجائز اسلحہ کے 206 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے اور ملزمان کے قبضہ سے 01 کلاشنکوف، 27 رائفلز اور 186 پسٹلز اور 797 زندہ کارتوس برآمد کیے گئے۔ برآمدگی منشیات منشیات کے 210 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔ ملزمان کے قبضہ سے 146 کلو 700 گرام چرس، ہیروئن 11 کلو 640 گرام، 1249 گرام آئس، 1337 لیٹر شراب اور 01 پالو بھٹیاں معہ بھاری مقدار میں شراب کشیدہ سامان برآمد کیا گیا۔ پتنگ مافیا کے خلاف کارروائی کے دوران 96 ملزمان کے قبضہ سے 1260 پتنگیں اور 349 کیمیکل ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کو حوالات جوڈیشل بھجوایا گیا۔ 19 ڈکیت گینگز کے 58 ارکان کو گرفتار کیا گیا جن سے 203 مقدمات ٹریس ہوئے، 13 کروڑ سے زائد مالیتی مال مسروقہ جس میں نقدی، کیری ڈبہ 1 عدد، موٹر سائیکلیں 48 عدد، موبائل فونز 21 عدد، طلائی زیورات، مویشی، الیکٹرک موٹریں مال مسروقہ برآمد کیا۔ بچھڑوں کو اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری۔ ماہ فروری میں ضلع ہذا میں گمشدہ اور لاوارث ملنے والے 10 بچوں کو والدین کے حوالے کیا گیا۔ گداگری میں ملوث ملزمان گرفتار گداگری میں ملوث 84 ملزمان کے خلاف کاروائی کے 551 مجرمان اشتہاری اور 230 ریکارڈ یافتگان ملزمان گرفتار کئے گئے۔ برآمدگی اسلحہ ناجائز ضلع سیالکوٹ میں ناجائز اسلحہ کے 206 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے اور ملزمان کے قبضہ سے



خواتین کا الیکشن کے دِن پولنگ اسٹیشن پر جا کر اپنا حق رائے دہی استعمال کرنا خوش آئند ہے

کام کرنے کی جگہوں پر جنسی ہراسانی کے خلاف خواتین تحفظ کا قانون 2010 کام کی جگہوں پر خواتین کے تحفظ کے لئے بنایا گیا ہے



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو/ رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ووٹ کاسٹ کرنا خواتین کا آئینی حق ہے۔ خواتین کا الیکشن کے دن پولنگ اسٹیشن پر جا کر اپنا حق رائے دہی استعمال کرنا خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار ارسلان نواز (الیکشن آفیسر، گوجرانوالہ) نے خواتین کے عالمی دن کے حوالے صنعت زار گوجرانوالہ میں منعقدہ سیمینار میں کیا۔ محمد واصف سلیم (ایڈوائزر وفاقی محتسب) نے کہا کہ کام کرنے کی جگہوں پر صرف جنسی ہراسانی کے خلاف انکوائری کمیٹیوں کی تشکیل ہی ضروری نہیں بلکہ خواتین میں شکایت رپورٹ کرنے کے متعلق آگاہی بھی ضروری ہے۔ کام کرنے کی جگہوں پر جنسی ہراسانی کے خلاف خواتین تحفظ کا قانون 2010 کام کی جگہوں پر خواتین کے تحفظ کے لئے بنایا گیا ہے محترمہ حنا (مینیجر صنعت زار) نے کہا کہ خود مختاری خواتین کا حوصلہ بڑھاتی ہے۔ خواتین کو با اختیار بنانے کا مقصد معاشرے میں برابری پیدا کرنا ہے تاکہ مرد و خواتین ہر میدان میں برابر ہوں۔ مس شہناز رفیق جنرل (سیکٹریری ویمن ورکرز یونین) نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دن دنیا بھر کی خواتین منظم ہو کر خود پر لگائے گئے صنف نازک کے ٹیگ کو اتار پھینک کر اپنے ضبط شدہ حقوق کی بحالی کے لئے جرات مندانہ آواز بلند کر رہی ہیں۔

سرکاری تعلیمی اداروں میں نئے سال کے داخلوں کا آغاز کیا جا چکا ہے

ان سکولز میں مستحق طلبہ وطالبات کو مفت یونیفارم دینے کا انتظام بھی ہے، جس کیلئے سکولز میں یونیفارم بنک کا قیام عمل میں لایا گیا ہے



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر تعلیم محمد اکرم اشرف نے کہا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں نئے سال کے داخلوں کا آغاز کیا جا چکا ہے۔ ان سکولز میں مستحق طلبہ وطالبات کو مفت یونیفارم دینے کا انتظام بھی ہے جس کیلئے سکولز میں یونیفارم بنک کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جبکہ سرکاری سکولوں میں سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہے مفت کتابیں، مفت داخلہ کی سہولت بھی موجود ہے۔ وہ گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ہنڈی وادرے میں نئی داخلہ مہم کے سلسلے میں شعور کی بیداری کی مہم کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی پہنچے۔ ان کے ہمراہ ڈی ای او ایلیمنٹری (جینڈر) صوفیہ جبین اور میڈم صدف خانم ڈپٹی ڈی ای او (ایلیمنٹری) بھی تھیں۔ سکول کی ہیڈ مسٹریس جویریہ ونگ) بھی تھیں۔ سکول کی ہیڈ مسٹریس جویریہ امتیاز سکول سٹاف اور طالبات نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ انہیں سکول کی تعلیمی سرگرمیوں، صفائی ستھرائی، ڈسپلن، شجر کاری اور بچوں میں تخلیقی قوتیں بیدار کرنے کے حوالے سے سٹاف کی رہنمائی اور بچوں کی کارکردگی بارے بتایا گیا۔ سکول ہذا کی طالبات نے داخلہ مہم کے حوالے سے "سرکاری سکول۔ معیاری سکول" کے عنوان سے نغمہ کورس کی شکل میں پیش کر کے خوب داد وصول کی۔ معزز مہمانوں نے بچوں کے بنائے مختلف ماڈلز بھی دیکھے اور اظہار مسرت کرتے ہوئے ان کی محنت کو سراہا۔ قبل ازیں معزز مہمانوں کو کمپیوٹر لیب کا وزٹ بھی کروایا گیا۔

حکومت اپنے تشہیری اشتہارات کی بجائے پاکستانی عوام کے بارے میں سوچے

پاکستانی عوام کے حقیقی لیڈر بانی چیئرمین عمران خان کو بے گناہ جیل میں قید کیا ہوا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی صدر پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی کھیہم نے اپنے بیان میں کہا کہ اردلی حکومت اپنے تشہیری اشتہارات کی بجائے پاکستانی عوام کے بارے میں سوچیں، انکو اپنی جیبیں بھرنے کے علاوہ کوئی کام نہیں، پاکستانی عوام کے حقیقی لیڈر بانی چیئرمین عمران خان کو بے گناہ جیل میں قید کیا ہوا ہے۔ اردلی حکومت اڑھائی سال سے پاکستان تحریک انصاف کی لیڈر شپ اور کارکنان کو ہراساں کرنے میں مصروف ہے، پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان اب انکے اوچھے ہتھکنڈوں سے گھبرانے والے نہیں۔ انشاءاللہ رمضان المبارک کے فوراً بعد اپنے کپتان عمران خان کی رہائی کے لیے اڈیالہ جیل کے باہر دھرنا دینگے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ ہمارے قائد عمران خان سمیت پارٹی لیڈر شپ اور کارکنان کو فوراً رہا کیا جائے، اور ملک میں صاف شفاف انتخابات کرائے جائیں، تاکہ پاکستان کی عوام اپنے پسندیدہ لیڈر کا اپنے ووٹ کے ذریعے خود چناؤ کریں۔ ملک پر ناجائز قابض حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینے چاہیے، اپنے مفادات کی بجائے ملک کے بارے میں سوچے۔ اگر صاف شفاف انتخابات ہوئے تو چنیوٹ میں پاکستان تحریک انصاف کلین سویپ کریں گی۔

فیصل آباد تھانہ نشاط آباد کی پولیس اور ظفر سندھو کے خلاف مظاہرین ضلع کونسل چوک میں احتجاج کر رہے ہیں

وسیم فیملی کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ آصف باجوہ

وی آر فیملی ہمارا سلوگن ہے۔ کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ممبر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی فیز ٹو پسرور روڈ پروفیسر آصف باجوہ کا خالد وسیم اور عہدیداروں کے اعزاز میں عشائیہ۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر آصف باجوہ نے کہا کہ وسیم فیملی کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی خدمات قابل قدر اور قابل تحسین ہے کیونکہ انہوں نے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے لیے جتنی جدوجہد کی ہے وہ سنہری حروف میں لکھی لکھی جائے گی خالد وسیم نے وی آر فیملی کا نعرہ لگا کر اس نعرے کو تقویت دی ہے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ جتنا پیار پروفیسر آصف باجوہ اور رفقاء نے دکھایا ہے وہ قابل قدر ہے ہماری لیسلیں بھی ان محبت کے لمحات کو یاد رکھیں گے وی آر فیملی کا نعرہ ہماری آواز ہے اور ہم نے اس اواز کو حقیقت کا رنگ دیا ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی ایک خاندان کی طرح ہیں۔ ان کی خدمات ہماری اولین ترجیحات ہیں

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کا سخت ایکشن

05 اہلکاروں کو نوکری سے برخاستگی جبکہ 98 کو دیگر سزائیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کا سخت ایکشن۔ 05 اہلکاروں کو نوکری سے برخاستگی جبکہ 98 کو دیگر سزائیں۔ اردل روم میں ضلع بھر سے 128 پولیس اہلکاروں نے بذریعہ ویڈیو لنک اور فزیکل شرکت کی۔ مسلسل غیر حاضری پر سب انسپکٹر عمران فیصل، کانسٹیبل شہباز، کانسٹیبل محمد اسلم، کانسٹیبل تنویر کو نوکری سے برخاستگی کی سزائیں دیں۔ کانسٹیبل سلامت علی کو بھی نوکری سے برخاست کر دیا گیا۔ 03 انسپکٹر، 03 سب انسپکٹر سمیت 10 کانسٹیبلان کو سروس کی کٹوتی کی سزائیں دیں۔ 01 سب انسپکٹر سمیت 09 کانسٹیبلان کو پنشل ڈیوٹی سے غیر حاضر ہونے پر تنخواہ کی کٹوتی کی سزائیں۔ نائب صوبیدار سمیت 02 سب انسپکٹر سمیت 33 اہلکاروں کو ایک سال سروس ضبطگی کی سزائیں دیں۔ 39 اہلکاروں کو جرمانہ کی سزائیں بھی دی گئیں۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکاروں کو نقد انعامات اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ 15 انسپکٹر، 35 سب انسپکٹرز، 25 اسسٹنٹ سب انسپکٹرز، 20 ہیڈ کانسٹیبل اور 60 کانسٹیبلان کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ نااہل، کام چور اور بددیانت اہلکاروں کی محکمہ میں کوئی گنجائش نہیں۔ پولیس ایک ڈسپلنڈ فورس ہے جس کی ورکنگ میں سزا و جزا کے امتزاج کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔

تین موٹر سائیکلیں چوری تھانہ سٹی کے علاقہ کالج روڈ کے میری کی نجی ٹی سٹال کے باہر سے موٹر سائیکل چوری

ڈسکہ (نمائندہ رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین موٹر سائیکلیں چوری تھانہ سٹی کے علاقہ کالج روڈ کے میری کی نجی ٹی سٹال کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، آڈھا کے محمد علی کی اے ایم کے سپورٹس کے باہر سے موٹر سائیکل چوری جبکہ ستراہ کے محمد زاہدی دوکان کے سامنے سے موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کرلئے

ماہ مبارک میں تزکیہ نفس کیساتھ مستحقین کی دادرسی کرنا مستحب عمل ہے: پیر سید ریاض حسین



جہلم (بیورو رپورٹ) ماہ مبارک میں تزکیہ نفس کیساتھ مستحقین کی دادرسی کرنا مستحب عمل ہے جس کا اجر و ثواب بڑھتا جاتا ہے جب امداد کرتے ہوئے ریاکاری و خودنمائی سے اجتناب برتا جائے۔ امدادی سامان دیتے مستحقین کیساتھ تصاویریں بنوانے سے انکی عزت نفس مجروح ہوتی ہے ان خیالات کا اظہار پیر سید ریاض حسین شاہ خطیب اعظم مدنی جامعہ مسجد نبی ہادی کھرالہ نے میڈیا نمائندگان سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ماہ صیام ہمیں صبر تحمل بھلائی و انسانیت پروری کا درس دیتا ہے۔ آج ہر ایک دوسرے کی بات مکمل سنے اور سمجھے بغیر فوری ردعمل دینا اور ایک دوسرے کی بات برداشت نہ کرنا ہمارے معاشرے کے بگاڑ کی بنیادی وجہ بن چکا ہے۔



ڈمکوڈ ٹیز منیجمنٹ سلمی بٹ نے ماڈل رمضان بازار جھنگ روڈ کا دورہ

اشیاء پر فراہم کی جانے والی رعایت پر اظہار اطمینان کیا اور اس بارے شہریوں سے بھی استفسار کیا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول ای ڈمکوڈ ٹیز منیجمنٹ سلمی بٹ نے ماڈل رمضان بازار جھنگ روڈ کا دورہ کر کے وہاں اشیاء پر فراہم کی جانے والی رعایت پر اظہار اطمینان کیا اور اس بارے شہریوں سے بھی استفسار کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے انہیں رمضان بازاروں اور پرائس کنٹرول کیلئے اقدامات بارے بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈ ٹیز منیجمنٹ سلمی بٹ کا اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس بار شہریوں کو دو طرح کے رمضان پیکجز دیئے ہیں۔ نگہبان رمضان پیکج کے تحت نقد رقوم کی فراہمی اور ماڈل رمضان بازاروں کے اقدامات مثالی ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب کا وژن کم آمدن افراد کو ریلیف فراہم کرنا ہے: معاون خصوصی کا اس موقع پر میڈیا کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہنا تھا کہ ماہ رمضان میں مہنگائی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ حکومت پنجاب کیطرف سے 30 لاکھ گھرانوں کیلئے 30 ارب روپے کے رمضان پیکج کی مثال نہیں ملتی۔ ماڈل رمضان بازاروں میں فی کلو چینی 130 روپے پر فراہمی کیساتھ آٹا اور دیگر اشیاء خورد و نوش بھی مارکیٹ سے نہایت کم نرخ پر دستیاب ہیں۔ معاون خصوصی کا اس موقع پر مزید کہنا تھا کہ پہلی مرتبہ اہل مستحق افراد کو 10، 10 ہزار روپے کے ہے آر ڈز انکی دہلیز پر دیے جا رہے ہیں۔ پے آرڈز رقوم میں کٹوتیاں کرنے پر صوبہ میں 96 افراد کیخلاف مقدمات کا اندراج کرایا گیا ہے۔ انہوں نے پرائس کنٹرول، نگہبان رمضان پیکج کے پے آرڈز کی تیزی کیساتھ ترسیل اور ناجائز تجاوزات کیخلاف مثالی کارکردگی پر ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا۔ سلمی بٹ نے جھنگ روڈ پر گھر گھر جا کر شہریوں میں نگہبان رمضان پیکج کے بے آرڈز بھی تقسیم کیئے۔

چیف آفیسر حیدر علی چٹھہ کی زیر نگرانی غیر قانونی تجاوزات اور شیڈز اتارنے کی آگاہی وارننگ تیز



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر سید وحید حیدر شیرازی۔ ڈی پی او مسز نوید احمد کی ہدایت پر چیف آفیسر حیدر علی چٹھہ کی زیر نگرانی غیر قانونی تجاوزات اور شیڈز اتارنے کی آگاہی وارننگ شیڈیول تیز کر دی گئی۔ شہر کے مین بازاروں میں ریجن براچ کے سب انسپکٹر عرفان رحمت کی انصاری۔ انکروچمنٹ انسپکٹر عرفان سیم بٹ۔ نے اپنے عملہ کے ہمراہ لاؤڈ اسپیکر کے ساتھ اعلانات کرتے کہا کہ جو کوئی بھی قسم کی اپنی دوکان کے تجاوزات اور شیڈز کے علاوہ کسی بھی اپنی دوکان کے آگے روکاوٹ پیدا کرنے والا سامان لگائے گا تو اس کے خلاف قوری کارروائی کرتے ہوئے اس کی دوکان سیل اور بھاری جرمانہ بھی عائد کیا جائے گا۔ جبکہ سٹیلائٹ ٹاؤن میں جاری آپریشن میں 100 کے قریب لان اور تھڑے بلڈوز کر دیئے گئے جبکہ متعدد افراد کو 40 ہزار جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ اپریشن میں انکروچمنٹ انسپکٹر مون راٹھور سمیت دیگر عملہ نے حصہ لیا۔

گاؤں کوٹ محمود میں ایک دلخراش واقعہ رونما ہوا

دکھیاری ضعیف ماں اور اس کی بہو کو سرعام گاؤں کی گلیوں اور بازاروں میں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گزشتہ روز نواحی گاؤں کوٹ محمود میں ایک دلخراش واقعہ رونما ہوا جس میں ایک دکھیاری ضعیف ماں اور اس کی بہو کو سرعام گاؤں کی گلیوں اور بازاروں میں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے تفصیلات کے مطابق گاؤں کوٹ محمود کی رہائشی 75 سالہ عزیزاں بی بی اور اس کی بہو کلثوم بی بی کو گاؤں کے بااثر افراد جن میں اللہ دتہ، مبارک، نعیم، لیاقت، تبارک، خالد اقوام جرمانی سائکنان کوٹ محمود ہمراہ 4 کس نامعلوم افراد مسلح پستول، ایمیٹیں، ڈنڈے اور سوٹے مکمل منصوبہ بندی کے تحت بازار میں جاتے ہوئے دونوں عورتوں کو بالوں سے پکڑ کر سرعام شدید تشدد کا نشانہ بنایا ملزمان کے شدید تشدد کی وجہ سے دونوں ہوا کی بیٹیاں جان بچانے کے لیے آہ و پکار کرتی رہیں لیکن ملزمان نے تمام حدیں پار کرتے ہوئے عزیزاں بی بی کو گھسیٹ کر اپنی حویلی میں لے گئے جہاں پھر ملزمان نے تشدد کا نشانہ بنایا 15 پر پولیس کو کالز کی گئیں مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر دونوں عورتوں کو بازیاب کروایا اور انہیں طبی امداد کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ ایک ملزم گرفتار کر کے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے شدید تشدد سے زخمی ہونے والی گھر کی سربراہ عزیزاں بی بی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا وجہ عناد ملزمان اپنی بیٹھک کا دروازہ ہماری گلی میں زبردستی بنانا چاہتے ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، آئی جی پنجاب اور ڈی پی او شیخوپورہ بلال تفتیش سے انص

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آئی ایم ایف کی پھر ڈکٹیشن خود انحصاری کی طرف آنا ہوگا

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات کے تکنیکی ادوار کا سلسلہ جاری ہے۔ آئی ایم ایف نے آڈٹ کیسز کی بھاری تعداد پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اخراجات میں کمی کے لیے حکومت سے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ کیا ہے۔ وزارتوں اور اداروں سے متعلق آڈٹس کے تقریباً 5 سے 6 لاکھ زیرالتوا کیسز ہیں، آئی ایم ایف حکام نے واضح کیا کہ محصولات کی کمی کسی صورت نہیں ہونا چاہئے، اخراجات میں کمی کیلئے رائٹ سائزنگ کی جائے۔ آئی ایم ایف کی طرف سے پاکستان کو جو کچھ کہا گیا ہے بظاہر اس میں کچھ غلط نہیں ہے، خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں درست کرنے کی ہدایت کی گئی مگر جس لہجے میں بات کی جارہی ہے وہ ڈکٹیشن اور حکم نامے سے کم نہیں۔ آئی ایم ایف نے آڈٹ میں پکڑی گئی بے ضابطگیوں کی تفصیلات بھی طلب کی ہیں۔ کہا گیا ہے کہ حکومت کو جاری سہ ماہی میں شارٹ فال پورا کرنا ہوگا، اس حوالے سے ایف بی آر کو کمپلائنس رسک مینجمنٹ اور رسک امپرومنٹ پلان کے تحت اقدامات کرنا ہونگے۔ حکومت کی طرف سے پہلے ہی آئی ایم ایف کی ہر شرط تسلیم کی جاچکی ہے۔ اب جو کچھ کہا جارہا ہے اس پر بھی عمل ہونا ہے۔ حکومت کو یہ سارا کچھ اس لیے ماننا پڑتا ہے کہ قرض لینا ہے۔ جب کوئی بھی عالمی مالیاتی ادارہ تجویز رائے یا مشورہ دینے کے بجائے احکامات دینے لگے اور اس پر عمل بھی ہو تو یہ قومی خودمختاری پر کمپرومائز ہی ہے۔ وزیراعظم بارہا حکومتی اخراجات میں کمی کی نوید سنا چکے ہیں لیکن نہ صرف کسی کی مراعات میں کمی نہیں آئی بلکہ پارلیمنٹیرنز کی تنخواہوں میں مزید اضافہ کردیا گیا ہے۔ جبکہ مہنگائی اور ٹیکسز کا سارا بوجھ عام آدمی پر ڈالا جارہا ہے حکومتی اخراجات میں کمی کیلئے ہمسائے اور اتحادی کو بھی ناراض کرنے والے ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کو 397 ملین ڈالر کی خطیر رقم دینے کا فیصلہ کیوں کیا۔ مذکورہ فیصلہ گزرے ماہ کی 25 تاریخ کو ہمارے سامنے آیا۔ مقصد اس فیصلے کا پاکستان کے F-16 طیاروں کو دہشت گردی سے نبردآزما ہونے کے لئے جدید آلات سے لیس کرنا بتایا گیا تھا۔ یہ خبر پڑھتے ہی میرے ذہن میں سوال اٹھنا چاہیے تھا کہ ٹرمپ جو امریکہ میں مقیم عاشقانِ عمران خان کی نگاہ میں پاکستان کے موجودہ حکومتی بندوبست سے نفرت کرتا ہے پاکستان کو دہشت گردی سے نبردآزما ہونے کے لئے جدید ترین آلات کیوں فراہم کرنا چاہ رہا ہے۔ دہشت گردی ہمارے خطے میں ہمیشہ طالبان سے منسوب ہوتی رہی ہے۔ مرکز ان کا افغانستان ہے اور افغانستان سے ٹرمپ ہی نے 21 سالہ جنگ کے خاتمے کے بعد امریکی افواج کے انخلا کا اعلان کیا تھا۔ سوال اٹھانا لازمی تھا کہ افغانستان سے اپنی افواج کی واپسی یقینی بنانے والا ڈونلڈ ٹرمپ دہشت گردی کے خاتمے کی تیاری کیوں کررہا ہے۔ بڑھاپے اور پیکا ایکٹ سے مفلوج ہوئے ذہن نے یہ سوال مگر اٹھایا نہیں۔ بالآخر مارچ کی 4 تاریخ کو امریکی کانگریس کے اجلاس سے طویل خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے ایک حوالے سے اس سوال کا جواب ازخود فراہم کردیا ہے۔ پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس نے اعتراف کیا کہ پاکستان کے انٹیلی جنس اداروں اور دہشت گردی سے نبردآزما اداروں نے اس شخص کو گرفتار کرکے امریکہ کے حوالے کردیا ہے جو 26 اگست 2021 کو ہوئے ایک ہولناک واقعہ کا منصوبہ ساز تھا۔ اس روز کابل ایئرپورٹ کے ابھی گیٹ پر خودکش دھماکہ ہوا۔ اس کی وجہ سے 13 امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔ 170 کے قریب افغان شہری بھی جان سے گئے۔ ابھی گیٹ پر ہوئے خودکش دھماکے نے امریکہ کو دہلا دیا تھا۔ اس کا میڈیا اور سیاسی نمائندے امریکی صدر جو بائیڈن کو اس کا ذمہ دار ٹھہرانے لگے۔ بائیڈن کے حامیوں نے مگر ڈھٹائی سے یاد دلانا شروع کردیا کہ افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا کا فیصلہ جو بائیڈن نے نہیں بلکہ ڈونلڈ ٹرمپ نے زلمے خلیل زاد کے ذریعے قطر کے شہر دوحہ میں ہوئے مذاکرات میں کیا تھا۔ بائیڈن ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے ہوئے اس معاہدے پر عملدرآمد کو مجبور تھا۔ ایک دوسرے کو موردالزام ٹھہراتے ہوئے ڈیموکریٹ اور ری پبلکن جماعتوں کے نمائندے اس سوال کو فراموش کرگئے کہ اگست 2021 میں ہوئے اس ہولناک دھماکے کا ذمہ دار کون تھا۔ اس کی گرفتاری درکار ہے یا نہیں۔ بارہا اس کالم میں عرض کرچکا ہوں کہ ٹرمپ سادہ دِکھتا ہے مگر بھولا نہیں۔ بائیڈن کو شکست دینے کے باوجود وہ امریکی عوام کو یہ ثابت کرنے کو بضد ہے کہ اس کا پیشرو ان کے ملک کی تاریخ کا احمق ونکما ترین صدر تھا۔ اس مقصد کو نگاہ میں رکھتے ہوئے نومبر کا انتخاب جیتنے کے بعد سیکورٹی امور کی بابت بریفنگز لیتے ہوئے وہ جاسوسی اداروں سے مستقل 26 اگست 2021 کے واقعہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتا رہا۔ ان دنوں جو شخص سی آئی اے کا سربراہ ہے نام ہے اس کا John Ratcliffe ٹرمپ کے گزشتہ دورِ صدارت میں وہ قومی انٹیلی جنس کا چیف تھا۔ اس عہدے پر فائز شخص ہر صبح امریکی صدر سے مل کر اسے 18 انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے فراہم ہوئی اطلاعات کی تلخیص سے آگاہ رکھتا ہے۔ اپنے تجربے کی بنیاد پر ریٹ کلف کو گرفتار نہیں کروانا تھا ٹرمپ نے اقتدار سنبھالتے ہی اسے پکڑلیا اور امریکی عدالت سے سزا دلوائی۔ اس مشن کی تکمیل کے لئے اسے پاکستان کے موجودہ حکومتی بندوبست کی مدد درکار ہے۔ وہ از بکستان سے فرار ہوکر افغانستان آیا تھا اور بعدازاں داعش میں شامل ہوگیا۔ اسے داعش کا کارکن ہونے کی وجہ سے اشرف غنی حکومت کے دوران گرفتار کرکے جیل میں ڈال دیا گیا تھا۔ فاتح کی طرح کابل لوٹتے ہوئے طالبان نے مگر 15 اگست کو جیل توڑ کر وہاں مقید تمام افراد رہا کردئے۔ انٹیلی جنس اداروں کا خیال ہے کہ دوران قید ہی شریف اللہ کابل ایئرپورٹ پر دھماکے کا منصوبہ بنارہا تھا۔ جیل سے رہا ہوتے ہی اس نے اپنے منصوبہ پر عملدرآمد یقینی بنادیا۔ کابل ایئرپورٹ پر ہوئے دھماکے کے بعد شریف اللہ مگر افغانستان تک محدود نہیں رہا۔ اس نے تقریباً نو افراد پر مشتمل ایک گروپ بنایا جو افغانستان، تاجکستان، روس اور ایران کے درمیان سفر کرتے رہے۔ اس گروپ نے ایران کے شہر کرمان میں خودکش بمبار کے ذریعے 100 سے زیادہ افراد کی جان لی۔ سب سے خوفناک واردات مگر اس گروہ نے ماسکو میں مارچ 2024 میں سرانجام دی جب داعش کے چارنقاب پوش افراد وہاں کے ایک میوزک ہال میں گھس کر بھاری ہتھیاروں سے وہاں موجود تماشائیوں کو براہ راست گولیوں کا نشانہ بناتے رہے۔ اب یہ اطلاع سامنے آرہی ہے کہ امریکہ نے مذکورہ گروپ پر مستقل نگاہ رکھی ہوئی تھی۔ امریکہ کا یہ دعویٰ ہے کہ اس نے ایران اور روس کے ساتھ اپنے تعلقات خراب ہونے کے باوجود ان دونوں ممالک کو خبردار کیا تھا کہ ان کی انٹیلی جنس اطلاعات کے مطابق داعش کا گروپ بڑے پیمانے کی کارروائی کرنے والا ہے۔ ٹرمپ کو یہ سب معلومات ملیں تو اس نے مذکورہ گروپ کی گرفتاری کو اولین ترجیح قرار دیا۔ ریٹ کلف کے توسط سے اس نے امریکی فوج کو بھی اس ضمن میں تیار رہنے کا پیغام دیا۔ قابل اعتماد ذرائع سے گفتگو کے بعد اب میں یہ خبر دے سکتا ہوں کہ پاکستان اور امریکی افواج کے مابین ایک خلیجی ملک میں)جو سعودی عرب، قطر اور متحدہ عرب امارات نہیں (اعلیٰ ترین سطح پر گزشتہ برس کے آخری ہفتے کے دوران روابط ہوئے۔ ان کے دوران فیصلہ ہوا کہ محمد شریف اللہ کی قیادت میں متحرک گروہ پر کڑی نگاہ رکھی جائے گی اور انہیں زندہ گرفتار کرنا اولین ترجیح ہوگی۔ 20 جنوری کو ٹرمپ نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا تو عاشقان عمران اپنے محبوب کی رہائی کا انتظار کرنے لگے۔ ٹرمپ نے مگر سی آئی اے کے سربراہ کو پاکستان سے مسلسل رابطہ رکھتے ہوئے شریف اللہ کی گرفتاری کا ٹاسک دیا۔ سی آئی اے کے سربراہ اور آئی ایس آئی کے مابین کم از کم چار مرتبہ براہ راست رابطے ہوئے۔ ان کے نتیجے میں پاکستان کو شریف اللہ اور اس کے گروہ کی لوکیشن معلوم ہوگئی۔ مصدقہ لوکیشن کے حصول کے بعد شریف اللہ کو گرفتار کرکے امریکہ بھجوادیا گیا ہے۔ اس کے خلاف امریکہ میں جو مقدمہ چلایا جائے گا اس کے دوران شریف اللہ کو کماحقہ سزا دلوانے کے لئے ٹرمپ انتظامیہ کو اکثر پاکستان سے مختلف النوع حوالوں سے تعاون درکار ہوگا۔ عمران خان کی رہائی کے لئے فون کرنے کی فی الوقت ٹرمپ کو ضرورت نہیں۔ اس کی ترجیح امریکی عوام کو ثابت کرنا ہے کہ احمق بائیڈن نامریکی فوجیوں کے جس مبینہ قاتل کو گرفتار نہیں کرواسکا تھا ٹرمپ نے اقتدار سنبھالتے ہی اسے پکڑلیا اور امریکی عدالت سے سزا دلوائی۔ اس مشن کی تکمیل کے لئے اسے پاکستان کے موجودہ حکومتی بندوبست کی مدد درکار ہے۔



ٹرمپ سادہ دِکھتا ہے مگر بھولا ہرگز نہیں

عمر بڑھنے کے ساتھ ذہن کو پیکا کے قانون نے بھی مفلوج بنارکھا ہے۔ صحافت کے قابل رہ گیا ہوتا تو اس خبر کا عمر رفتہ کی لگن کے ساتھ پیچھا کرتا کہ اقتدار سنبھالنے کے بعد اپنے کینیڈا جیسے ہمسائے اور اتحادی کو بھی ناراض کرنے والے ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کو 397 ملین ڈالر کی خطیر رقم دینے کا فیصلہ کیوں کیا۔ مذکورہ فیصلہ گزرے ماہ کی 25 تاریخ کو ہمارے سامنے آیا۔ مقصد اس فیصلے کا پاکستان کے F-16 طیاروں کو دہشت گردی سے نبردآزما ہونے کے لئے جدید آلات سے لیس کرنا بتایا گیا تھا۔ یہ خبر پڑھتے ہی میرے ذہن میں سوال اٹھنا چاہیے تھا کہ ٹرمپ جو امریکہ میں مقیم عاشقانِ عمران خان کی نگاہ میں پاکستان کے موجودہ حکومتی بندوبست سے نفرت کرتا ہے پاکستان کو دہشت گردی سے نبردآزما ہونے کے لئے جدید ترین آلات کیوں فراہم کرنا چاہ رہا ہے۔ دہشت گردی ہمارے خطے میں ہمیشہ طالبان سے منسوب ہوتی رہی ہے۔ مرکز ان کا افغانستان ہے اور افغانستان سے ٹرمپ ہی نے 21 سالہ جنگ کے خاتمے کے بعد امریکی افواج کے انخلا کا اعلان کیا تھا۔ سوال اٹھانا لازمی تھا کہ افغانستان سے اپنی افواج کی واپسی یقینی بنانے والا ڈونلڈ ٹرمپ دہشت گردی کے خاتمے کی تیاری کیوں کررہا ہے۔ بڑھاپے اور پیکا ایکٹ سے مفلوج ہوئے ذہن نے یہ سوال مگر اٹھایا نہیں۔ بالآخر مارچ کی 4 تاریخ کو امریکی کانگریس کے اجلاس سے طویل خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے ایک حوالے سے اس سوال کا جواب ازخود فراہم کردیا ہے۔ پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس نے اعتراف کیا کہ پاکستان کے انٹیلی جنس اداروں اور دہشت گردی سے نبردآزما اداروں نے اس شخص کو گرفتار کرکے امریکہ کے حوالے کردیا ہے جو 26 اگست 2021 کو ہوئے ایک ہولناک واقعہ کا منصوبہ ساز تھا۔ اس روز کابل ایئرپورٹ کے ابھی گیٹ پر خودکش دھماکہ ہوا۔ اس کی وجہ سے 13 امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔ 170 کے قریب افغان شہری بھی جان سے گئے۔ ابھی گیٹ پر ہوئے خودکش دھماکے نے امریکہ کو دہلا دیا تھا۔ اس کا میڈیا اور سیاسی نمائندے امریکی صدر جو بائیڈن کو اس کا ذمہ دار ٹھہرانے لگے۔ بائیڈن کے حامیوں نے مگر ڈھٹائی سے یاد دلانا شروع کردیا کہ افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا کا فیصلہ جو بائیڈن نے نہیں بلکہ ڈونلڈ ٹرمپ نے زلمے خلیل زاد کے ذریعے قطر کے شہر دوحہ میں ہوئے مذاکرات میں کیا تھا۔ بائیڈن ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے ہوئے اس معاہدے پر عملدرآمد کو مجبور تھا۔ ایک دوسرے کو موردالزام ٹھہراتے ہوئے ڈیموکریٹ اور ری پبلکن جماعتوں کے نمائندے اس سوال کو فراموش کرگئے کہ اگست 2021 میں ہوئے اس ہولناک دھماکے کا ذمہ دار کون تھا۔ اس کی گرفتاری درکار ہے یا نہیں۔ بارہا اس کالم میں عرض کرچکا ہوں کہ ٹرمپ سادہ دِکھتا ہے مگر بھولا نہیں۔ بائیڈن کو شکست دینے کے باوجود وہ امریکی عوام کو یہ ثابت کرنے کو بضد ہے کہ اس کا پیشرو ان کے ملک کی تاریخ کا احمق ونکما ترین صدر تھا۔ اس مقصد کو نگاہ میں رکھتے ہوئے نومبر کا انتخاب جیتنے کے بعد سیکورٹی امور کی بابت بریفنگز لیتے ہوئے وہ جاسوسی اداروں سے مستقل 26 اگست 2021 کے واقعہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتا رہا۔ ان دنوں جو شخص سی آئی اے کا سربراہ ہے نام ہے اس کا John Ratcliffe ٹرمپ کے گزشتہ دورِ صدارت میں وہ قومی انٹیلی جنس کا چیف تھا۔ اس عہدے پر فائز شخص ہر صبح امریکی صدر سے مل کر اسے 18 انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے فراہم ہوئی اطلاعات کی تلخیص سے آگاہ رکھتا ہے۔ اپنے تجربے کی بنیاد پر ریٹ کلف کو گرفتار نہیں کرواسکا تھا ٹرمپ نے اقتدار سنبھالتے ہی اسے پکڑلیا اور امریکی عدالت سے سزا دلوائی۔ اس مشن کی تکمیل کے لئے اسے پاکستان کے موجودہ حکومتی بندوبست کی مدد درکار ہے۔ وہ از بکستان سے فرار ہوکر افغانستان آیا تھا اور بعدازاں داعش میں شامل ہوگیا۔ اسے داعش کا کارکن ہونے کی وجہ سے اشرف غنی حکومت کے دوران گرفتار کرکے جیل میں ڈال دیا گیا تھا۔ فاتح کی طرح کابل لوٹتے ہوئے طالبان نے مگر 15 اگست کو جیل توڑ کر وہاں مقید تمام افراد رہا کردئے۔ انٹیلی جنس اداروں کا خیال ہے کہ دوران قید ہی شریف اللہ کابل ایئرپورٹ پر دھماکے کا منصوبہ بنارہا تھا۔ جیل سے رہا ہوتے ہی اس نے اپنے منصوبہ پر عملدرآمد یقینی بنادیا۔ کابل ایئرپورٹ پر ہوئے دھماکے کے بعد شریف اللہ مگر افغانستان تک محدود نہیں رہا۔ اس نے تقریباً نو افراد پر مشتمل ایک گروپ بنایا جو افغانستان، تاجکستان، روس اور ایران کے درمیان سفر کرتے رہے۔ اس گروپ نے ایران کے شہر کرمان میں خودکش بمبار کے ذریعے 100 سے زیادہ افراد کی جان لی۔ سب سے خوفناک واردات مگر اس گروہ نے ماسکو میں مارچ 2024 میں سرانجام دی جب داعش کے چارنقاب پوش افراد وہاں کے ایک میوزک ہال میں گھس کر بھاری ہتھیاروں سے وہاں موجود تماشائیوں کو براہ راست گولیوں کا نشانہ بناتے رہے۔ اب یہ اطلاع سامنے آرہی ہے کہ امریکہ نے مذکورہ گروپ پر مستقل نگاہ رکھی ہوئی تھی۔ امریکہ کا یہ دعویٰ ہے کہ اس نے ایران اور روس کے ساتھ اپنے تعلقات خراب ہونے کے باوجود ان دونوں ممالک کو خبردار کیا تھا کہ ان کی انٹیلی جنس اطلاعات کے مطابق داعش کا گروپ بڑے پیمانے کی کارروائی کرنے والا ہے۔ ٹرمپ کو یہ سب معلومات ملیں تو اس نے مذکورہ گروپ کی گرفتاری کو اولین ترجیح قرار دیا۔ ریٹ کلف کے توسط سے اس نے امریکی فوج کو بھی اس ضمن میں تیار رہنے کا پیغام دیا۔ قابل اعتماد ذرائع سے گفتگو کے بعد اب میں یہ خبر دے سکتا ہوں کہ پاکستان اور امریکی افواج کے مابین ایک خلیجی ملک میں)جو سعودی عرب، قطر اور متحدہ عرب امارات نہیں (اعلیٰ ترین سطح پر گزشتہ برس کے آخری ہفتے کے دوران روابط ہوئے۔ ان کے دوران فیصلہ ہوا کہ محمد شریف اللہ کی قیادت میں متحرک گروہ پر کڑی نگاہ رکھی جائے گی اور انہیں زندہ گرفتار کرنا اولین ترجیح ہوگی۔ 20 جنوری کو ٹرمپ نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا تو عاشقان عمران اپنے محبوب کی رہائی کا انتظار کرنے لگے۔ ٹرمپ نے مگر سی آئی اے کے سربراہ کو پاکستان سے مسلسل رابطہ رکھتے ہوئے شریف اللہ کی گرفتاری کا ٹاسک دیا۔ سی آئی اے کے سربراہ اور آئی ایس آئی کے مابین کم از کم چار مرتبہ براہ راست رابطے ہوئے۔ ان کے نتیجے میں پاکستان کو شریف اللہ اور اس کے گروہ کی لوکیشن معلوم ہوگئی۔ مصدقہ لوکیشن کے حصول کے بعد شریف اللہ کو گرفتار کرکے امریکہ بھجوادیا گیا ہے۔ اس کے خلاف امریکہ میں جو مقدمہ چلایا جائے گا اس کے دوران شریف اللہ کو کماحقہ سزا دلوانے کے لئے ٹرمپ انتظامیہ کو اکثر پاکستان سے مختلف النوع حوالوں سے تعاون درکار ہوگا۔ عمران خان کی رہائی کے لئے فون کرنے کی فی الوقت ٹرمپ کو ضرورت نہیں۔ اس کی ترجیح امریکی عوام کو ثابت کرنا ہے کہ احمق بائیڈن نامریکی فوجیوں کے جس مبینہ قاتل کو گرفتار نہیں کرواسکا تھا ٹرمپ نے اقتدار سنبھالتے ہی اسے پکڑلیا اور امریکی عدالت سے سزا دلوائی۔ اس مشن کی تکمیل کے لئے اسے پاکستان کے موجودہ حکومتی بندوبست کی مدد درکار ہے۔

10 ملین ڈالر ڈوب گئے

قبلہ مشاہد حسین کی اطلاع درست نکلی۔ سال بھر سے غل مچا رہے تھے کہ صدر ٹرمپ کے آتے ہی بہت اہم فون کال امریکہ سے آئے گی جس کے بعد منظر بدل جائے گا۔ واقعی وہی ہوا، فون کال آئی اور منظر ہی بدل گیا۔ پی ٹی آئی کے احباب فون کال آنے اور صدر ٹرمپ کے کانگرس والے خطاب کے بعد سے سکتے میں ہیں۔ شاید کچھ ان میں سے مشاہد حسین پر ناراض بھی کہ انہوں نے غلط امید میں مبتلا کئے رکھا۔ ایسا ہے تو ناراضگی تھوک دینی چاہیے کہ مشاہد نے کچھ غلط نہیں کہا تھا۔ ان کی دونوں باتیں درست نکلیں۔ فون بھی آیا، منظر بھی بدل گیا۔ فون کال امریکی نیشنل ڈیفنس کے مشیر نے صدر ٹرمپ کی طرف سے وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو کی اور امریکہ کا اظہار تشکر پہنچایا کہ پاکستان نے داعش کے ایک بڑے دہشت گرد شریف اللہ کو گرفتار کرکے امریکہ کے حوالے کیا۔ اس دہشت گرد نے 2021 کو اگست میں کابل ایئرپورٹ پر دھماکہ کرکے 160 افغان شہری اور 13 امریکی ہلاک کردیئے تھے۔ فون کال سے پہلے صدر ٹرمپ نے امریکی کانگرس سے اچانک خطاب کیا، اس گرفتاری کی اطلاع دی اور پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ ایک غیر ملکی مبصر، ساؤتھ ایشیا انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر مائیکل کوگل مین نے لکھا کہ) اس مبارکبادی معاملے کے تناظر میں (لگتا ہے، پاکستان اور امریکہ کے درمیان انسداد دہشت گردی کے معاملے پر تعاون کا دوبارہ آغاز ہورہا ہے۔ مشاہد حسین کی باوثوق اطلاع کا ترجمہ پی ٹی آئی نے یہ کیا کہ فون کال پر مرشد کی رہائی کا حکم صادر ہوگا لیکن یہاں تو ہوا ہی بدل گئی۔ مرشد کی رہائی اب عالم خواب کا معاملہ لگتی ہے۔ ٹرمپ کی گرم جوشی ریاست پاکستان کیلئے ہے، مرشد کیلئے نہیں۔ مشاہد حسین کی طرح کے ایک اور مدبر محمد علی درانی نام کے بھی ہیں۔ ان کی اطلاع بھی درست ثابت ہوچکی ہے۔ سال بھر پہلے انہوں نے خبر دی تھی کہ ریاست مرشد کیلئے ایک بہت بڑے سی پی ایم) اعتماد سازی والا قدم (کا اعلان اس جمعے کو کرنے والی ہے جس کے بعد مرشد رہا ہو جائیں گے۔ اس اطلاع کے درست ہونے میں سال بھر کی تاخیر ہوئی۔ سال بھر کے بعد جو سی پی ایم سامنے آیا، اس کے تحت مرشد کو 14 سال قید ہوگئی۔ اطلاع ہے کہ ایک اور اسی قد وقامت کا سی پی ایم عید کے آگے پیچھے آنے والا ہے۔ دیکھئے، اس سی پی ایم کی اطلاع مشاہد دیتے ہیں یا درانی صاحب ایک صاحب نے اطلاع دی ہے کہ ٹرمپ کے اس ٹرمپ کارڈ کے بعد پی ٹی آئی کی دس ملین ڈالر سرمایہ کاری ضائع ہوگئی جو اس نے امریکہ میں لابی انگ پر کی تھی۔ دس ملین ڈالر بڑی رقم ہے۔ سوچئے بلکہ حساب لگانے کی بات ہے کہ اس رقم سے مرشد کیلئے کتنے سال کیلئے دیسی بکرے، دیسی مرغ، انڈے، پنیر، مکھن، پستہ کا جو وغیرہ کا راشن آسکتا تھا۔ واقعتاً بہت بڑا نقصان ہے۔ امریکی صدر نے جو خطاب کیا، اس میں پاکستان کیلئے ایک اندیشہ بھی چھپا ہوا ہے۔ چھپا کیا ہوا ہے، صاف جھلک رہا ہے۔ انہوں نے کہا، افغانستان سے امریکی انخلا ہماری تاریخ کا سب سے شرمناک لمحہ تھا۔ مطلب ٹرمپ اس صدمے کو بھولے نہیں۔ وہ طالبان کی مخالفت پر کپے ہیں۔ بائیڈن حکومت اربوں ڈالر طالبان کو خفیہ ہی خفیہ دے رہی تھی، ٹرمپ نے آتے ہی یہ امداد روک دی، پھر یہ مطالبہ بھی کردیا کہ امریکی فوج افغانستان میں اسلحہ کے جو بھاری ذخائر چھوڑ گئی تھی، طالبان وہ واپس کریں۔ واپس نہیں کرتے تو ہم خود واپس لے لیں گے۔ اندیشہ کچھ یوں ہے کہ کہیں ٹرمپ افغانستان میں پھر کوئی ایڈونچر تو نہیں کرنے والے؟ اور ایسا پاکستان کی مدد سے ہی کریں گے۔ گویا ہمیں پھر کوئی ذمہ داری ملنے والی ہے۔ یہ بھاری ذمہ داری ہم نے پہلے بھی ادا کی اور آج تک اس کی قیمت ادا کررہے ہیں۔ خدا ہماری بچت کا کوئی راستہ نکالے۔ پہلی ذمہ داری کی کوکھ سے وہ دہشت گردی برآمد ہوئی جو چوتھائی صدی بعد بھی جاری ہے بلکہ اس میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ تازہ سانحہ بنوں میں ہوا۔ دہشت گردوں نے چھاؤنی پر حملہ کیا، ہمارے 5 جوان، 15 شہری شہید، درجنوں زخمی ہوئے۔ اسی روز افغان سرحد سے انہی دہشت گردوں کے سرپرستوں نے بڑا حملہ کیا۔ بنوں میں حملہ کرنے والے بھی پاکستانی نہیں تھے، افغانی شہری تھے اور افغانستان ہی سے روانہ کئے گئے تھے۔ عجب اتفاق ہے۔ یہی سرحد پار افغانی ہمارے ہاں کی مرشداتی پارٹی کے دھرنوں اور گھیراؤ جلاؤ کے ایڈونچرز میں بھی آگے آگے ہوتے ہیں۔ کے پی صوبے میں مرشداتی پارٹی کی حکومت ان سرحد پار کے افغانوں کی مہمان نوازی اور سہولت کاری کرتی ہے، سنا ہے انہیں اسلامی شہد بلیک لیبل برانڈ کی سپلائی بھی کے پی حکومت کرتی ہے۔ مرشد وزیراعظم تھے تو چشمہ فیض سے مل کر، اطلاعات کے مطابق، 5 ہزار سے زیادہ، اعلیٰ تربیت یافتہ دہشت گرد افغانستان سے امپورٹ کئے گئے تھے۔ پورے صوبے میں انہی معزز مہمانوں نے قیامت برپا کررکھی ہے۔ اس عظیم منصوبے پر بھی باز پرس کبھی ہوگی یا نہیں؟ امریکی رکن کانگرس سکاٹ پیری نے شکوہ کیا ہے کہ امریکہ نے یو ایس ایڈ کے تحت پاکستان کو 120 سکول بنانے کیلئے 13.6 کروڑ ڈالر دیئے لیکن پاکستان نے ایک سکول بھی نہیں بنایا۔ لو اور سنو۔ پاکستان پہلے سے موجود سکولوں سے جان چھڑانے میں لگا ہے، امریکی کانگرس مین مزید سکول بنانے کی باتیں کررہا ہے۔ لاحول ولا۔ میاں وہ زمانہ گزر گیا جب پاکستان میں سکول بنائے جاتے تھے۔ اب سکول گرائے جاتے ہیں یا نجی شعبے کو بیچ دیئے جاتے ہیں۔ مسلم لیگ بھی دیکھو کیسے بدل گئی۔ جب نواز شریف اس کے قائد تھے تو کہا کرتے تھے تعلیم ہر شری کا بنیادی حق ہے۔ اب مسلم لیگ نئی قیادت کے ماتحت ہے تو کہتی ہے تعلیم حاصل کرنا نہ کرنا شہریوں کا ذاتی دردسر ہے، ہمارا نہیں۔ ہم تو رہے سہے سکول، بھی نجی شعبے کو بیچیں گے۔ اسرائیل نے شام کے جنوب میں آباد دروزی مذہب والوں سے کہا ہے کہ وہ شامی حکومت کے احکامات نہ مانیں۔ گولان سے ملحقہ علاقوں میں یہ لوگ آباد ہیں اور اسرائیل نے شام میں انقلاب کے بعد گولان کے ساتھ ساتھ ایک شامی پٹی پر بھی قبضہ کرلیا ہے۔ مغربی اخبارات کی خبروں سے لگتا ہے اسرائیل اس بار بفرزون نہیں ایک بفرملک بنانا چاہتا ہے تاکہ شام سے مستقبل میں بھی کوئی خطرہ نہ رہے۔ اسرائیل کی بے خوفی پہلے سے بڑھ گئی ہے اور صدر ٹرمپ کی وجہ سے حوصلے بھی۔ دیکھئے، شام کا یہ علاقہ وہ کب اور کیسے ہتھیاتا ہے۔ ٹرمپ حکومت تو کہہ چکی ہے کہ دروزیوں کیلئے الگ علاقہ ہونا چاہیے اور لطا کیہ بھی اس میں شامل ہو جو بہت دور شمال مغرب میں ہے۔



سینٹ اجلاس، ڈپٹی چیئرمین اور منظور کاکڑ کے درمیان تلخ کلامی

ایوان بالا کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان ناصر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کورم کی نشاندہی پر ہفتہ کے روز تک ملتوی کردیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ آج عام آدمی کے مسائل پر بات ہونی تھی اور اپوزیشن نے کورم کی نشاندہی کردی ہے۔ اجلاس کے دوران سینٹ اجلاس میں منظور کاکڑ اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ سینیٹر منظور کاکڑ نے کہا کہ آپ ہاتھ نیچے کرکے بات کریں۔ اس پر ایوان میں شور شرابہ شروع ہوگیا۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ سینیٹر علی ظفر بات کررہے ہیں۔ سینٹ اجلاس میں خیبر پی کے اور بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کرائی گئی۔ سینیٹر شہادت اعوان نے سویلین اور سکیورٹی اہلکاروں کے لئے ایوان میں دعا کرائی۔ بعدازاں ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے ایوان کی کارروائی ہفتہ ساڑھے گیارہ بجے تک ملتوی کردی۔ ایوان بالا کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان ناصر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کورم کی نشاندہی پر ہفتہ کے روز تک ملتوی کردیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ آج عام آدمی کے مسائل پر بات ہونی تھی اور اپوزیشن نے کورم کی نشاندہی کردی ہے۔ اجلاس کے دوران سینٹ اجلاس میں منظور کاکڑ اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ سینیٹر منظور کاکڑ نے کہا کہ آپ ہاتھ نیچے کرکے بات کریں۔ جس پر ایوان میں شور شرابہ شروع ہوگیا۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ سینیٹر علی ظفر بات کررہے ہیں۔ سینٹ اجلاس میں خیبر پی کے اور بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کرائی گئی۔ سینیٹر شہادت اعوان نے سویلین اور سکیورٹی اہلکاروں کے لئے ایوان میں دعا کرائی۔ بعدازاں ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے ایوان کی کارروائی ہفتہ ساڑھے گیارہ بجے تک ملتوی کردی۔ ایوان بالا کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان ناصر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کورم کی نشاندہی پر ہفتہ کے روز تک ملتوی کردیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ آج عام آدمی کے مسائل پر بات ہونی تھی اور اپوزیشن نے کورم کی نشاندہی کردی ہے۔ اجلاس کے دوران سینٹ اجلاس میں منظور کاکڑ اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ سینیٹر منظور کاکڑ نے کہا کہ آپ ہاتھ نیچے کرکے بات کریں۔ جس پر ایوان میں شور شرابہ شروع ہوگیا۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ سینیٹر علی ظفر بات کررہے ہیں۔ سینٹ اجلاس میں خیبر پی کے اور بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کرائی گئی۔ سینیٹر شہادت اعوان نے سویلین اور سکیورٹی اہلکاروں کے لئے ایوان میں دعا کرائی۔

رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس سواری پر جگہ ہو اس کو چاہیے کہ بغیر سواری والے کو سوار کرے اور جس کے پاس خوراک بچی ہو وہ بغیر خوراک والے کو کھلا دے

حقوق العباد! کتاب اللہ و سنت رسول ﷺ کی روشنی میں

رسولِ خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ گناہ ایسے ہیں کہ خدا جس کو چاہتا ہے معاف کر دیتا ہے سوائے والدین کے ستانے کے کہ اس کی سزا مرنے سے پہلے جلد دنیا میں دے دیتا ہے

ارشاد ہے: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کا ساتھ دو۔ (سورۃ التوبۃ ۱۱۹)

ہمیں کاروباری و سماجی و گھریلو زندگی میں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے

محسن انسانیت نبی اکرم ﷺ نے ہمیشہ سچ بولنے کی تعلیم دی اور جھوٹ بولنے سے منع فرمایا

ڈاکٹر محمد نجیب قاسمی سنبھلی

سچائی ایسی صفت ہے جس کی اہمیت ہر مذہب اور ہر دور میں یکساں طور پر تسلیم کی گئی ہے۔ اس کے بغیر انسانیت مکمل نہیں ہوتی۔ اسی لیے شریعت اسلامیہ میں اس کی طرف خاص توجہ دلائی گئی ہے، اور بار بار سچ بولنے کی تاکید کی گئی ہے، دوسرے بھی اس کے شر سے محفوظ نہیں رہتے، اسی لیے آپ ﷺ نے جھوٹ بولنے والوں کے لیے سخت وعیدیں بیان فرمائیں:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: سچائی کو لازم پکڑو کیوں کہ سچ نیکی کی راہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے، اور آدمی یکساں طور پر سچ کہتا ہے اور سچائی کی کوشش میں رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کی نظر میں اس کا نام سچوں میں لکھ دیا جاتا ہے اور جھوٹ سے بچے رہو اس لیے کہ جھوٹ گناہ اور فجور ہے اور فجور دوزخ کی راہ بتاتا ہے، اور آدمی مسلسل جھوٹ بولتا ہے اور اسی کی جستجو میں رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے نزدیک اس کا شمار جھوٹوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم) سچ بولنے کی کیسی عظیم اہمیت ہے کہ انسان اپنی سچائی کے ذریعہ جنت میں داخل ہوسکتا ہے، جو ہر انسان کی پہلی اور آخری خواہش ہے، جب کہ جھوٹ بولنے کی وجہ سے انسان کو جہنم کی دہکتی ہوئی آگ میں جلنا ہوگا، اگر موت سے قبل حقیقی توبہ نہیں کی۔ ظاہر ہے کہ ہر انسان چاہتا ہے کہ وہ دوزخ سے بچ جائے۔ قیامت تک آنے والے انس وجن کے نبی اکرم ﷺ نے جنت کے حصول اور جہنم سے نجات کے لیے بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے دیگر احکام کو بجا لا کر سچ بولنے کو اپنے اوپر لازم کرلیں۔

حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: فروخت کرنے والے اور خریدار کو اختیار ہے جب تک وہ مجلس سے جدا نہ ہوں۔ اگر دونوں نے حقیقت کو نہ چھپایا اور سچ بولا تو ان کی خرید و فروخت میں برکت ڈال دی جائے گی اور اگر حقیقت کو چھپایا اور جھوٹ بولا تو بیع کی برکت ختم کردی جائے گی۔ (بخاری و مسلم) اِن دنوں ہم نے تجارت کو خالص دنیاداری کا کام سمجھ لیا ہے، اس لیے ہمارا یہ ذہن موجود ہے کہ اگر ہم سچ بولیں گے تو ہمارا نقصان ہوگا، اس لیے ہم جھوٹ بولتے ہیں، اس کی سند پر بعض علما نے کلام کیا ہے، لیکن یہ حدیث اچھے معنی اور مفہوم اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔ لہٰذا ہمیں کاروبار میں بھی کبھی جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔

آخری حدیث میں بیان کیا گیا کہ خرید و فروخت کرنے والوں کو مجلس سے جدا ہونے سے قبل اپنے فیصلہ سے رجوع کرنے یعنی خرید و فروخت کو منسوخ کرنے کا حق رہتا ہے۔ لیکن مجلس سے جدا ہونے کے بعد خرید و فروخت مکمل ہو جاتی ہے، اب بیچنے والے کو یہ اختیار نہیں کہ وہ یہ کہے کہ مَیں اس چیز کو نہیں بیچنا چاہتا یا خریدار کہے کہ مَیں اس چیز کو خریدنا نہیں چاہتا۔ ہاں دونوں اپنی رضامندی سے اس ڈیل کو ختم کر سکتے ہیں۔ اگر بیچنے والا چیز کے قابل ذکر عیوب کو چھپا کر کوئی چیز فروخت کرے یا خریدنے والا دھوکا دینے کا ارادہ رکھتا ہو تو خرید و فروخت میں کیسے برکت ہوسکتی ہے؟ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم خرید و فروخت میں بھی جھوٹ کا سہارا نہ لیں بل کہ ہمیشہ سچ ہی بولیں۔ ہمارے اسلاف نے ہمیشہ سچ بول کر تجارت کی، اس لیے ہر میدان میں کامیاب ہوئے۔ شہر مکہ مکرمہ کی مشہور تاجرہ حضرت خدیجہؓ نے سب سے افضل بشر حضور اکرم ﷺ کی تجارت میں دیانت داری کو دیکھ کر ہی تو نکاح کا پیغام بھیجا تھا۔

حضرت حسنؓ بن علیؓ سے روایت ہے کہ مجھے حضور اکرم ﷺ کی یہ باتیں یاد ہیں: جو بات شک میں مبتلا کرے اس کو چھوڑ دو اور اس کو اختیار کر جو شک میں نہ ڈالے۔ سچائی اطمینان ہے اور جھوٹ شک ہے۔ (ترمذی) یعنی جس کے حلال ہونے میں شک ہو اس کو چھوڑ دو اور اس کو اختیار کرو جس میں کوئی شک وشبہ نہ ہو۔ اور ہمیں جھوٹ کا سہارا نہیں لینا چاہیے، صرف اور صرف سچ ہی بولنا چاہیے۔ ایک جھوٹ کو صحیح ثابت کرنے کے لیے متعدد جھوٹ بولنے پڑتے ہیں، لہٰذا ہم صرف سچ بات ہی کہیں۔

سچ بولنے کا بہترین بدلہ: سچ بولنے پر بہترین بدلہ ملنے کے متعدد واقعات کتابوں میں موجود ہیں۔ قرآن وحدیث میں مذکور ایک واقعہ پیش ہے۔ ۹ ہجری میں واقع ہونے والے غزوۂ تبوک میں آپ ﷺ کے ساتھ شامل نہ ہونے والے تین حضرات حضرت کعب بن مالک، حضرت مرارہ بن ربیع اور حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہم، جب آپ نے ان کے ساتھ قطع تعلق کا حکم: (فاعرضوا عنہم) ان سے اعراض کرو۔ ۲) ان پر ناپاک ہونے کا حکم: (انہم رجسٌ) بلاشبہ وہ ناپاک ہیں۔ حافظ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں: یعنی ان کے باطن اور اعتقادات خبیث ہیں۔ ۳) ان کا ٹھکانا جہنم ہونا: (وماواہم جہنم) ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔ علامہ قرطبیؒ اس کی تفسیر میں تحریر کرتے ہیں: یعنی ان کی منزل اور جگہ (جہنم ہے)۔ ۴) اللہ تعالیٰ کا اُن سے راضی نہ ہونا: (فان ترضوا عنہم فان اللہ لا یرضی عن القوم الفاسقین) سو اگر تم ان سے راضی بھی ہوگئے تو یقیناً اللہ فاسق لوگوں سے راضی نہیں ہوتے۔ ۵) ان کو فاسق قرار دینا: علما فرماتے ہیں کہ ضمیر کے بجائے فاسقین کا لفظ استعمال کیا گیا تاکہ ان کے بارے میں یہ نشاندہی کی جا سکے کہ وہ اطاعت (الٰہیہ) سے نکل چکے ہیں اور یہی بات ان پر نازل ہونے والے عذابوں کا سبب بنی۔

حضرت کعب بن مالکؓ نے سچ بولنے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے حاصل ہونے والی نوازشات کا تقابل جھوٹ بولنے والوں پر اللہ کی ناراضی سے کرتے ہوئے بیان فرمایا: اللہ کی قسم! اللہ کی توفیق سے مشرف بااسلام ہونے کے بعد میری نظر میں آپ ﷺ کے روبرو اس سچ بولنے سے بڑھ کر مجھ پر کوئی احسان نہیں ہوا کہ مَیں نے جھوٹ نہیں بولا اور ایسے ہلاک نہیں ہوا جیسا کہ جھوٹ بولنے والے ہلاک ہوگئے تھے، بذریعہ وحی اس قدر شدید وعید فرمائی کہ اتنی سخت کسی دوسرے کے لیے نہیں فرمائی گئی۔ حافظ بن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اس میں سچ کا فائدہ ہے اور جھوٹ کے انجام نحوست کی وضاحت ہے۔ سچ بولنے پر تینوں حضرات کو اللہ کی جانب سے توبہ کی توفیق ملی اور وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کامیاب ہوئے۔ جب کہ دیگر منافقین نے جھوٹ کا سہارا لیا، حال آں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو وحی کے ذریعہ اُن کے جھوٹے ہونے کے متعلق اطلاع فرما دی تھی، اس لیے ہمیشہ کے لیے جہنم میں ڈالے جائیں گے۔

جھوٹ بولنا گناہِ کبیرہ ہے، اگر ہم نے کبھی جھوٹ بولا ہے تو اللہ تعالیٰ سے پہلی فرصت میں معافی مانگیں کیوں کہ کبیرہ گناہ ہونے کی وجہ سے اس کے لیے مستقل توبہ ضروری ہے۔ بعض مواقع پر جھوٹ بولنے کی اجازت دی گئی ہے مثلاً میاں بیوی میں شدید اختلاف ہوگیا ہے، اور جھوٹ بولنے کی وجہ سے صلح ہوسکتی ہے تو بدرجہ مجبوری اس کی اجازت ہے، لیکن جھوٹ بولنے کی عادت بنانا یا کسی شخص کو دھوکا دینے کے لیے جھوٹ بولنا بہت بڑا گناہ ہے اور اس کے معاشرہ میں بڑے نقصانات ہیں۔ اے اللہ ہمیں سچ بولنے کی توفیق عطا فرما اور اس کے ثمرات سے مالا مال فرما، جھوٹ اور اس کے زہریلے اثرات سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہمیں محفوظ فرما، آمین، ثم آمین۔

> اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں بھی پوری انسانیت کو متعدد مرتبہ سچ بولنے کی تعلیم دی ہے چناں چہ ارشاد ہے: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کا ساتھ دو۔ (سورۃ التوبۃ ۱۱۹) اسی طرح فرمان الٰہی ہے: (خدا فرمائے گا کہ) آج وہ دن ہے کہ سچ بولنے والوں کو ان کی سچائی ہی فائدہ دے گی۔ (سورۃ المائدہ ۱۱۹) اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے والوں کی مذمت کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے: اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو راہ نہیں دکھاتے جو اسراف کرنے والے ہیں اور جھوٹے ہیں۔ (سورۃ المؤمن ۲۸)

مولانا محمد اکرم اعوان

مسلمانو! تم بھی سُن لو! جو مسلمان نہیں ہیں، وہ مشرک ہیں یہود و نصاریٰ ہیں یا بے دین ہیں، جو کسی دین پر یقین نہیں رکھتے۔ کلمہ طیبہ میں ایک ایسی برقی رو ہے، ایک ایسا نور ہے، ایک ایسی تجلی ہے کہ جب کوئی کہتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ تو اُس سے پہلے کی ساری برائیاں، سارے گناہ اور سارے کفر و شرک ہر چیز ایک لمحے میں مٹ جاتی ہے اور وہ ایسا ہو جاتا ہے جیسے ابھی دنیا میں وارد ہوا۔ اب اُس کی مرضی کہ وہ واپس وہی ظلمت اپنے اوپر لادنا چاہتا ہے یا آگے نور کا سفر کرنا چاہتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: من قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ اوکما قال رسول اللہ ﷺ کہ جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔ اب عہد حاضر کے لوگوں نے اس کا ترجمہ یہ بنا لیا کہ کلمہ پڑھ لینا کافی ہے، عمل کی ضرورت نہیں۔ یاد رہے! اس کا مفہوم حضورِ اکرم ﷺ کے دوسرے ارشاد سے واضح ہوتا ہے۔ جن لوگوں نے نبی کریم ﷺ کے ہمرکاب جنگ بدر میں شرکت فرمائی، آپ ﷺ نے ان کے متعلق فرمایا کہ اہل بدر جنتی ہیں اب اس کے بعد چاہیں وہ کچھ بھی کریں۔ بڑا عجیب ارشادِ عالی تھا۔ عقلِ انسانی کی جہتیں تو بے شمار ہیں، وہ کیا کیا سوچتی ہے، آپ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ اگر وہ گناہ کریں، اگر وہ چوری کریں یا وہ کفر کر بیٹھتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا، وہ کچھ بھی کریں، مَیں نے قید کوئی نہیں لگائی۔ محدثین اس پر پھر بحث کرتے ہیں کہ یہ عجیب بات ہے، اللہ کا حکم ہے کہ جو شرک پر یا کفر پر مرے گا مَیں اسے نہیں بخشوں گا۔ نبی کریم ﷺ کے ارشاد میں کوئی قید نہیں ہے کہ کفر و شرک نہ کریں اور جو چاہے کرتے رہیں، فرمایا، جو بھی کریں۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ اللہ جسے اہل جنت قرار دے دیتا ہے، نبی ﷺ نے جس کی خبر دی ہے کہ یہ جنتی ہے، اُسے وہ اُسی عمل کی توفیق دیتا ہے جو اہل جنت کو سزاوار ہے، وہ اُس کے خلاف عمل کرتا ہی نہیں، اُسے اور عمل کرنے کا خیال ہی نہیں آتا، اللہ کریم اُس کے دل سے وہ چیزیں نکال دیتا ہے، اُس کا عمل اہل جنت کا عمل بن جاتا ہے۔ اسی لیے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر میرے بعد اختلاف ہو، دو آرا ہو جائیں اور اہل بدر میں سے کوئی ایک بندہ زندہ ہو اور باقی ساری اُمت ایک رائے پر متفق ہو جائے، اُس ایک بندے کی رائے اُس سے مختلف ہو، عمل اُس کی رائے پر کرنا جو بدر والا ہے، وہ اُس کے خلاف عمل کرتا ہی نہیں، اُسے اور رائے غلط نہیں ہوسکتی اور اللہ اُس کے دل میں وہی بات ڈالے گا جو حق ہے۔ اب اس طرف آیئے: من قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ صدقِ دل سے کہنے والا جنت میں داخل ہوگیا۔ اب اُسے جنت کو دل میں بسا لینا ہے، جنت کا کھانا ہے یعنی حلال کھانا ہے، حرام سے بچنا ہے، اہل جنت کا کردار اپنانا ہے، باحیا ہو نا ہے، بے حیائی سے بچنا ہے، سچ بولنا ہے، جھوٹ سے بچنا ہے، اُس کا کردار اہل جنت کا ہونا چاہیے۔ اگر جنت میں داخل ہونے کے بعد عمل کی دنیا میں جنت سے بھاگ کر دوزخیوں کے ہمراہ مل گیا تو پھر جنت میں کیسے جائے گا؟ وہ تو بھگوڑا ہوگیا۔ اسی لیے شریعت میں مرتد کی سزا قتل ہے۔ کافر اسلام قبول نہیں کرتا تو اُس کے انسانی حقوق بحال ہیں۔ اُس کی عزت کی حفاظت کی جائے، جان و مال کی حفاظت کی جائے، اُس کے روزگار کا خیال کیا جائے، اُس کے بچوں کی تعلیم کا خیال کیا جائے، بیماری کی صورت علاج معالجے کے انسانی حقوق کافر کو بھی حاصل ہیں لیکن مرتد کا کوئی حق نہیں۔ مرتد کو قتل کیا جائے کہ جنت کا بھگوڑا ہے اور یہ وہ جرم ہے کہ جسے اللہ یہ عظمت عطا کرے اور وہ اللہ سے بغاوت کر کے بھاگ جائے! فرمایا: اس کے ساتھ کوئی رعایت نہیں ہوگی، اسے قتل کر دیا جائے، اس لیے مرتد کی سزا قتل ہے۔

تو اس آیت کریمہ سے لوگوں نے یہ آسانی ڈھونڈ لی کہ مسلمان ہونا کوئی شرط نہیں۔ یہودی ہو، نصرانی ہو، ہندو ہو، سکھ ہو، مذہب تو انسانیت ہے، جو بھی بھلا کرے گا وہ جنت میں چلا جائے گا۔ ایسا ہرگز نہیں ہوگا! جنت اللہ کے مقرب بندوں کا گھر ہے، نافرمانوں کا نہیں۔ جن میں ایمان ہی نہیں اُن کا نہیں، اُن کا گھر دوزخ ہے۔ ہاں ایمان لانے سے پہلے خواہ وہ مشرک ہے، کافر ہے، یہودی ہے، نصرانی ہے یا بے دین ہے۔ من امن باللہ جو اللہ پر ایمان لایا والیوم الاخر اور آخرت کو صدقِ دل سے قبول کر لیا وعمل صالحا اور پھر اُس کے اعمال محمد رسول ﷺ کی سنت کے سانچے میں ڈھل گئے۔ فلھم اجرھم اُن کے پروردگار کے پاس اُن کے لیے اُن کا اجر ہے ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون نہ تو اُنھیں آیندہ کا کوئی خوف ہوگا اور نہ گذشتہ پر افسوس ہوگا۔ جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور زندگی کو سنت خیر الانام ﷺ کے مطابق ڈھال لیا تو جو گذر گئی اُس پر اُنھیں رنج نہیں ہوگا کہ اس کی تلافی بھی کر دی جائے گی۔ آنے والے حالات کا انھیں ڈر نہیں ہوگا کہ اُس میں بھی اُنھیں اللہ کی رحمت دستگیری فرماتی نظر آئے گی۔

> من امن باللہ جو اللہ پر ایمان لایا والیوم الاخر اور آخرت کو صدقِ دل سے قبول کر لیا وعمل صالحا اور پھر اُس کے اعمال محمد رسول ﷺ کی سنت کے سانچے میں ڈھل گئے۔ فلھم اجرھم اُن کے پروردگار کے پاس اُن کے لیے اُن کا اجر ہے ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون نہ تو اُنھیں آیندہ کا کوئی خوف ہوگا اور نہ گذشتہ پر افسوس ہوگا۔ جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور زندگی کو سنت خیر الانام ﷺ کے مطابق ڈھال لیا تو جو گذر گئی اُس پر اُنھیں رنج نہیں ہوگا کہ اس کی تلافی بھی کر دی جائے گی۔ آنے والے حالات کا انھیں ڈر نہیں ہوگا کہ اُس میں بھی اُنھیں اللہ کی رحمت دستگیری فرماتی نظر آئے گی۔

اللہ کا حکم ہے کہ جو شرک پر یا کفر پر مرے گا مَیں اسے نہیں بخشوں گا

کلمہ طیبہ کا اعجاز

اللہ جسے اہل جنت قرار دے دیتا ہے، نبی ﷺ نے جس کی خبر دی ہے کہ یہ جنتی ہے
اُسے وہ اُسی عمل کی توفیق دیتا ہے جو اہل جنت کو سزاوار ہے، وہ اُس کے خلاف عمل کرتا ہی نہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

محلہ ولی ٹاؤن میں بنیادی سہولیات کا فقدان، گندگی کے ڈھیر

گلیوں میں جابجا گندگی کے ڈھیر، بدبودار پانی کا جماؤ اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکیں اس علاقے کا خاصہ بن چکی ہیں



حافظ آباد (رانا طارق محمود) حافظ آباد کا محلہ ولی ٹاؤن انتظامی عدم توجہی کا شکار ہو چکا ہے، جہاں کے مکین عرصہ دراز سے بنیادی سہولیات سے محروم زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ گلیوں میں جابجا گندگی کے ڈھیر، بدبودار پانی کا جماؤ اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکیں اس علاقے کا خاصہ بن چکی ہیں۔ بارہا شکایات کے باوجود انتظامیہ کی خاموشی اور لاپرواہی نے شہریوں کو ذہنی وجسمانی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ مقامی رہائشیوں کا کہنا ہے کہ محلہ ولی ٹاؤن کی گلیوں اور بازاروں میں صفائی کا کوئی باقاعدہ انتظام موجود نہیں، جس کی وجہ سے جگہ جگہ کچرے کے انبار لگے ہوئے ہیں، جو تعفن اور مختلف بیماریوں کا باعث بن رہے ہیں۔ بارش کے پانی کی نکاسی نہ ہونے کے باعث پانی ہفتوں تک گلیوں میں کھڑا رہتا ہے، جس میں مچھر پرورش پاتے ہیں اور ڈینگی جیسی موذی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ بڑھ چکا ہے۔ رہائشیوں کے مطابق، اس وقت سب سے زیادہ مشکلات سکول کے طلباء و طالبات، بزرگ شہریوں اور نمازی حضرات کو پیش آتی ہیں، جنہیں اس گندگی اور بدبو سے گزر کر روزمرہ کے امور انجام دینا پڑتے ہیں۔ گلیوں میں کھڑے بدبودار پانی کی وجہ سے بچوں کا سکول جانا مشکل ہو چکا ہے، جبکہ نماز کے لیے مساجد جانے والے نمازی بھی شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ اہل علاقہ نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ محلہ ولی ٹاؤن کے مسائل کا فوری نوٹس لیا جائے اور یہاں صفائی ستھرائی کا مؤثر نظام نافذ کیا جائے۔ نکاسی آب کے نظام کو ترجیحی بنیادوں پر بہتر بنایا جائے۔

اساتذہ طالبعلموں کی قابلیت اور استعداد کار بڑھانے کیلئے ان پر بھرپور توجہ مرکوز کریں: ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا ہے کہ اساتذہ طالبعلموں کی قابلیت اور استعداد کار بڑھانے کیلئے ان پر بھرپور توجہ مرکوز کریں۔ معیاری تعلیم کا فروغ تسلیل سے جاری رکھنے کیلئے تعلیمی اداروں کو دورِ جدید کے تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دوسکولوں کے اساتذہ، طلباء سے میٹنگ کے دوران کیا۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کو نا کام بنانے کا مشن جاری

بہاولپور (بیورو رپورٹ) بہاولپور کی ضلعی انتظامیہ نے وزیراعلیٰ پنجاب کی اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کو ناکام بنانے کا مشن جاری سیاسی آشیر باد ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے نوٹوں کی چمک پر ٹھیکیدار یت اور اس کے آشیں الحکہ سے شہریوں کو یرغمال بنا کر لوٹ مار کرنے کی کھلی چھٹی دے دی شہری ٹھیکیداروں کے ہاتھوں اشد کا شکار ہونے کے ساتھ ساتھ دس ہزار سے زائد رقم بھی دینے پر مجبور حساس ادارے کی رپورٹ کے باوجود انتظامیہ خاموش تماشائی عوامی لوٹ مار پر بھاولپور پریس کلب بھاولپور کی جانب سے نوٹس دلانے پر ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے آنکھیں بند کرلیں۔

ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری

مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے



عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن انصاف عوام کی دہلیز پر مکمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے تھانوں سے باہر گاؤں دیہاتوں اور مساجد میں جا کر کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ نے جامع مسجد پل راکھ علاقہ تھانہ فرید نگر اور جامع مسجد گاؤں بڑی راکھ علاقہ تھانہ صدر پاکپتن میں کھلی کچہریاں لگائیں کھلی کچہری میں ڈی پی او ہیڈ کوارٹر، ڈی پی او صدر سرکل پاکپتن اور ایس ایچ او اے خضر حیات ممیت دیگر ایس ایچ اوز بھی ڈی پی او کے ہمراہ تھے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور انکے مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری میں مزید شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ مساجد میں لوگوں کے مسائل سننا ہمارے پیارے نبی اور خلفاء راشدین کی سنت ہے۔

مردانہ شریف میں روحانی بزرگ بابو جی محمد یوسف نوشاہی کے 84 ویں عرس کی تقریب

مزارات اولیاء ہدایت کا سرچشمہ ہوتے ہیں: مفتی شہباز رسول، احمد جیلانی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) صاحبزادہ ضیاء الدین احمد جیلانی کی زیر صدارت آستانہ عالیہ مردانہ شریف میں میں معروف روحانی بزرگ پیر طریقت الحاج بابو جی محمد یوسف قادری نوشاہی رحمۃ اللہ علیہ کے 84 ویں عرس مبارک کی تقریب کا انعقاد ہوا قدیم مسجد میں محفل ذکر ونعت اور قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا جس میں حاجی محمد اشفاق محمد رفیق سیکرٹری سعید احمد مشتاق انصاری واجد جنجھوں سمیت عقیدت مندوں اور مریدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکاء کیلئے سحری وافطاری کے وسیع انتظامات کیے گئے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مفتی شہباز رسول سعیدی صاحبزادہ ضیاء الدین احمد جیلانی کا کہنا تھا کہ اولیاء کرام کے مزارات ہدایت کا سرچشمہ ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج کئی دہائیوں کے بعد بھی ہم یہاں بیٹھ کر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر اور قرآن خوانی کر رہے ہیں بزرگان دین نے قرآن وسنت پر عمل کرنے کا طریقہ سکھایا تا کہ خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل پیرا ہو کر دنیا وآخرت میں کامیابی سمیٹ سکیں۔



فیصل آباد: انچارج چوکی گلفشاں احسان بٹ کی اعلیٰ کارکردگی، گمشدہ بچوں کو ٹریس کر کے والدین سے ملوا دیا

رمضان المبارک اعمال صالح جمع کرنے کا مہینہ ہے: میاں افضال حیدر

بھوکے انسانوں کا پیٹ بھرنا دونوں جہانوں میں کامیابی کا راز ہے: سٹی صدر تحریک انصاف

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سٹی صدر میاں افضال حیدر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کا مہینہ ذاتی محاسبہ کا مہینہ ہے یہ اپنی ذات کے حوالے سے نظر ثانی اور اصلاح کا مہینہ ہے، ہم



المبارک دنیاوی مال سے تجوریاں بھرنے کیلئے نہیں اعمال صالح جمع کرنے کا مہینہ ہے بھوکے انسانوں کا پیٹ بھرنا دونوں جہانوں میں کامیابی کا راز ہے روزہ دار عبادات کے ساتھ ساتھ ملک وقوم کی خیر وعافیت اور امت مسلمہ کے اتحاد کیلئے دعاؤں کا اہتمام کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کلب شیخوپورہ کے رمضان دسترخوان میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے رمضان دسترخوان کے انتظامات کو سراہا اور دسترخوان کمیٹی کے ارکان کو خراج تحسین پیش کیا، میاں افضال حیدر نے مزید کہا کہ نے پہلے اپنی اصلاح کرنی ہے اور پھر ہم نے مل جل کر معاشرے کی اصلاح کرنی ہے اور اپنے پیارے وطن پاکستان کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی جانب گامزن کرنا ہے یہ مہینہ اپنی خواہشات ونفس پر قابو پانے کی تربیت کرتا ہے جس کے ذریعے مومنین میں یہ صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ صبر اور نظم وضبط کے ساتھ زندگی گزار سکیں ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے اردگرد نظر رکھیں اور اگر کوئی ضرورت مند ہو تو فوری طور پر اس کی مدد کریں اس طرح ہمارا معاشرہ ترقی پائے گا اس سے نہ صرف آپ کے حلال رزق میں برکت ہوگی۔

کمشنر فیصل آباد ڈویژن مریم خان کے امتحانی مراکز کے دورے

عملہ کی حاضریاں چیک کیں، کمرہ امتحانات میں ہدایات کے مطابق تمام سہولیات فراہمی کے احکامات دیئے



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) حکومت پنجاب کی طرف سے میٹرک امتحانات میں شفافیت یقینی بنانے کے احکامات پر کمشنر فیصل آباد ڈویژن مریم خان نے میٹرک امتحانی مراکز کے سرپرائز وزٹس شروع کر دیئے۔ انہوں نے گورنمنٹ خواتین کالج عیدگاہ روڈ اور گورنمنٹ ایم سی سکول کوتوالی روڈ میں قائم سنٹرز کا اچانک دورہ کیا اور وہاں امتحانی عمل کی جانچ کے ساتھ طلباء کیلئے سہولیات، سیکیورٹی انتظامات چیک کئے۔ انہوں نے امتحانی عملہ کی حاضریاں چیک کیں، کمرہ امتحانات میں ہدایات کے مطابق تمام سہولیات فراہمی کے احکامات دیئے۔ کمشنر مریم خان کا اس موقع پر کہنا تھا کہ امتحانی سنٹرز پر نظم وضبط ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ سنٹر کی حدود میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو داخلے کی اجازت نہ دی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو بھی سنٹرز کے سرپرائز انسپکشنز کے احکامات دے دیئے گئے ہیں۔

شاہکوٹ آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل کا شاہکوٹ کا دورہ

ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کے ہمراہ میثاق سنٹر شاہکوٹ آمد پر معصوم طلباء وطالبات نے آر پی او کا استقبال کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شاہکوٹ آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل کا شاہکوٹ کا دورہ۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کے ہمراہ میثاق سنٹر شاہکوٹ آمد پر معصوم طلباء و طالبات نے آر پی او کا استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق آر پی او نے میثاق سنٹر پر یتیم بچوں کی برادری اور ممبران امن کمیٹی سے میٹنگ کی۔ یتیم رہنماؤں نے میثاق سنٹر کی طرف سے ملنے والی خدمات اور سہولیات کی فراہمی پر آر پی او کا شکریہ ادا کیا۔ آر پی او نے تمام یتیم برادری کو میثاق سنٹر اور پولیس کی طرف سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ آر پی او نے ڈی پی او کے ہمراہ شاہکوٹ کی جامعہ مسجد مدرسۃ العثمین میں نماز جمعہ کے بعد کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ انجمن تاجران اور شہریوں کی شکایات اور مسائل دریافت کیے اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ آر پی او نے تھانہ سٹی شاہکوٹ کا ملاحظہ کیا، فرنٹ ڈیسک اور ریکارڈ رجسٹر چیک کیے اور تاثرات بھی قلمبند کیے۔ اپنے دورے کے دوران آر پی او نے تھانہ صدر شاہکوٹ کی نئی زیر تعمیر عمارت کا جائزہ لیا اور تعمیراتی کام جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آر پی او کا کہنا تھا کہ بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے تحفظ کے لیے میثاق سنٹر دن رات کام کر رہا ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

شہریوں کی شکایات ومسائل سن کر ازالہ کے لیے موقع پر احکامات جاری



ساہیوال (مہراے ڈی کیسی پیراسے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں، شہریوں کی شکایات ومسائل سن کر ازالہ کے لیے موقع پر احکامات جاری۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے شہریوں کی شکایات ومسائل کے بروقت حل کے لیے جامعہ مسجد علاقہ تھانہ غلہ منڈی، راکل آرچرڈ علاقہ تھانہ یوسف والا، تاج محل مارکی چک نمبر 133/9 ایل علاقہ تھانہ غلہ منڈی، کنعان پارک علاقہ تھانہ سٹی ساہیوال اور علی مسجد علاقہ تھانہ سول لائن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایت و مسائل سے ڈی پی او ساہیوال کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے میرے دفتر کے دروازے بھی عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں شہری پولیس سے متعلقہ شکایات ومسائل کے لیے بلاجھجک رابطہ کر سکتے ہیں

نوسر بازوں نے خاتون کو طلائی بالیوں ور موبائل سے محروم کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نوسر بازوں نے خاتون کو طلائی بالیوں ور موبائل سے محروم کر دیا کشور سلطانہ ڈاکٹر حفیظ کے ہسپتال سے واپس آرہی تھی کہ دو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے موٹر سائیکل روک کر کہا کہ ہمارے پیسے گرے آپ نے تو نہیں اٹھائے تو انکار کرنے پر کہنے لگے قسم دیں تو سائلہ قسم نہیں دینے کیلئے تیار ہوگئی تو کہنے لگے پہلے اپنی طلائی بالیاں اتار کر دو اور موبائل فون اور گرم چادر ہمیں پکڑاؤ اور پھر قسم دو تو سائلہ نے تمام چیزیں ان کے حوالہ کر دیں تو ملزمان تمام چیزیں لے کر فرار ہو گئے۔

پیسے نہ دینے پر خاتون اور اس کے خاوند پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پیسے نہ دینے پر خاتون اور اس کے خاوند پر تشدد۔ بدو کے پیمہ کی فرحت جبیں گھر میں موجود تھی کہ اس کا جیٹھ ناصر اقبال گھر میں آگیا اور اس کے خاوند سے دوکان سل سے 20 لاکھ روپے کا تقاضا کیا جو اس نے بطور امانت اپنے والد بینک میں جمع کروائے ہوئے تھے ملزم ناصر اقبال کے ریشیں میں آکر سائلہ اور اس کے خاوند کو گالم گلوچ کرنے لگا منع کرنے پر گریبان سے پکڑ کے تھپڑ مارے اور کپڑے پھاڑ دیے موقعہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ شہر بھر میں بند، شہریوں، کاروباری اور سوفٹ ویئر انجینئر زکو شدید مشکلات کا سامنا

دیپالپور (کھیل رپورٹر) پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ شہر بھر میں بند، شہریوں، کاروباری اور سوفٹ ویئر انجینئر زکو شدید مشکلات کا سامنا، پی ٹی سی ایل حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق دیپالپور شہر اور اس کے گردونواح میں ڈیڑھ سو سے زائد صارفین کا پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بند ہوگیا ہے شہریوں کی طرف سے متعدد بار شکایات درج کروانے کے باوجود انٹرنیٹ بند پڑا ہے، مقامی آئیجنج کے بد اخلاق عملہ شہریوں کو شکایت ختم کرنے کی بجائے ان کو مختلف معاملات میں الجھائے رکھتے ہیں ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں پی ٹی سی ایل حکام کو سب اچھے کی رپورٹ دیتے ہیں دیپالپور میں کاروباری، سوفٹ ویئر انجینئر ز، وکلاء اور صحافیوں کو پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بند ہونے کی وجہ سے شدید پریشانی اور مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے پی ٹی سی ایل حکام سے فوری طور پر انٹرنیٹ بحال کرنے اور متعلقہ ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کر دیا ہے۔

ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، مساجد اور امام بارگاہوں کا دورہ

بہاولپور (بیورو رپورٹ) ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، ماہ صیام کے پہلے جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔ سیکورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے منصوبہ مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔ سیکورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بالکل برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ڈی پی او اوشیخوپورہ کا شاہکوٹ کا دورہ

ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کے ہمراہ میثاق سنٹر شاہکوٹ آمد پر معصوم طلباء وطالبات نے آر پی او کا استقبال کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شاہکوٹ آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل کا شاہکوٹ کا دورہ۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کے ہمراہ میثاق سنٹر شاہکوٹ آمد پر معصوم طلباء و طالبات نے آر پی او کا استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق آر پی او نے میثاق سنٹر پر یتیم بچوں کی برادری اور ممبران امن کمیٹی سے میٹنگ کی۔ یتیم رہنماؤں نے میثاق سنٹر کی طرف سے ملنے والی خدمات اور سہولیات کی فراہمی پر آر پی او کا شکریہ ادا کیا۔ آر پی او نے تمام یتیم برادری کو میثاق سنٹر اور پولیس کی طرف سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ آر پی او نے ڈی پی او کے ہمراہ شاہکوٹ کی جامعہ مسجد مدرسۃ العثمین میں نماز جمعہ کے بعد کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ انجمن تاجران اور شہریوں کی شکایات اور مسائل دریافت کیے اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ آر پی او نے تھانہ سٹی شاہکوٹ کا ملاحظہ کیا، فرنٹ ڈیسک اور ریکارڈ رجسٹر چیک کیے اور تاثرات بھی قلمبند کیے۔ اپنے دورے کے دوران آر پی او نے تھانہ صدر شاہکوٹ کی نئی زیر تعمیر عمارت کا جائزہ لیا اور تعمیراتی کام جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آر پی او کا کہنا تھا کہ بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے تحفظ کے لیے میثاق سنٹر دن رات کام کر رہا ہے۔

سرپرستی اور خادم مدینہ زائرین مدینہ شریف حافظ مختار احمد کی زیر نگرانی منعقد ہوئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا خاتون جنتؓ کی یاد میں یہاں جامع مسجد ریاض الجنۃ نزد سادات کالونی میں عظیم الشان سیدۃ النساءؓ کانفرنس چیئرمین داتاؒ دربار کمیٹی الحاج شاہد حمید قادری کی زیر سرپرستی اور خادم مدینہ زائرین مدینہ شریف حافظ مختار احمد کی زیر نگرانی منعقد ہوئی جس میں معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مفتی غلام مصطفےٰ سلطانی نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور نبی رحمت ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کو اپنے جگر کا ٹکڑا فرمایا۔ سیدۃ النساءؓ نے شرم وحیاء اور صبر ورضا کے جو انمول نمونے پیش کئے۔ موجودہ دور کی خواتین کو چاہئے کہ وہ آپؓ کی سیرت طیبہ سے استفادہ کر کے اپنی زندگیوں میں نکھار لائیں۔ بعد میں تمام شرکاء کو افطاری کروائی گئی۔ اور مرحومین کے روحوں کو ایصال ثواب بھی کیا گیا۔

تیز رفتار دو رکشوں میں تصادم کے نتیجے میں چار افراد شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار دو رکشوں میں تصادم کے نتیجے میں چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ملک وقوم کی خیر وعافیت اور قریب تیز رفتار دو رکشوں کے تصادم کے نتیجے میں 40 سالہ ندیم ولد عاشق 60 سالہ یوسف ولد علی اور 28 سالہ رمضان ولد حسن سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

اوکاڑہ کے نواح میں زیر تعمیر مکان کی دیوار سے گر کر دو مزدور شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں زیر تعمیر مکان کی دیوار سے گر کر دو مزدور شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ شوکت آباد رینالہ خورد میں زیر تعمیر مکان کی دیوار سے گر کر دو مزدور 40 سالہ سرفراز ولد شریف اور 70 سالہ عمر ولد غلام مصطفیٰ شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے طبی امداد فراہم کرنے کے بعد زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

عظیم الشان سیدۃ النساءؓ کانفرنس چیئرمین داتاؒ دربار کمیٹی الحاج شاہد حمید قادری کی زیر سرپرستی اور خادم مدینہ زائرین مدینہ شریف حافظ مختار احمد کی زیر نگرانی منعقد ہوئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا خاتون جنتؓ کی یاد میں یہاں جامع مسجد ریاض الجنۃ نزد سادات کالونی میں عظیم الشان سیدۃ النساءؓ کانفرنس چیئرمین داتاؒ دربار کمیٹی الحاج شاہد حمید قادری کی زیر سرپرستی اور خادم مدینہ زائرین مدینہ شریف حافظ مختار احمد کی زیر نگرانی منعقد ہوئی جس میں معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مفتی غلام مصطفےٰ سلطانی نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور نبی رحمت ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کو اپنے جگر کا ٹکڑا فرمایا۔ سیدۃ النساءؓ نے شرم وحیاء اور صبر ورضا کے جو انمول نمونے پیش کئے۔ موجودہ دور کی خواتین کو چاہئے کہ وہ آپؓ کی سیرت طیبہ سے استفادہ کر کے اپنی زندگیوں میں نکھار لائیں۔ بعد میں تمام شرکاء کو افطاری کروائی گئی۔ اور مرحومین کے روحوں کو ایصال ثواب بھی کیا گیا۔

پیسے نہ دینے پر خاتون اور اس کے خاوند پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پیسے نہ دینے پر خاتون اور اس کے خاوند پر تشدد۔ بدو کے پیمہ کی فرحت جبیں گھر میں موجود تھی کہ اس کا جیٹھ ناصر اقبال گھر میں آگیا اور اس کے خاوند سے دوکان سل سے 20 لاکھ روپے کا تقاضا کیا جو اس نے بطور امانت اپنے والد بینک میں جمع کروائے ہوئے تھے ملزم ناصر اقبال کے ریشیں میں آکر سائلہ اور اس کے خاوند کو گالم گلوچ کرنے لگا منع کرنے پر گریبان سے پکڑ کے تھپڑ مارے اور کپڑے پھاڑ دیے موقعہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ شہر بھر میں بند، شہریوں، کاروباری اور سوفٹ ویئر انجینئر زکو شدید مشکلات کا سامنا

دیپالپور (کھیل رپورٹر) پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ شہر بھر میں بند، شہریوں، کاروباری اور سوفٹ ویئر انجینئر زکو شدید مشکلات کا سامنا، پی ٹی سی ایل حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق دیپالپور شہر اور اس کے گردونواح میں ڈیڑھ سو سے زائد صارفین کا پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بند ہوگیا ہے شہریوں کی طرف سے متعدد بار شکایات درج کروانے کے باوجود انٹرنیٹ بند پڑا ہے، مقامی آئیجنج کے بد اخلاق عملہ شہریوں کو شکایت ختم کرنے کی بجائے ان کو مختلف معاملات میں الجھائے رکھتے ہیں ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں پی ٹی سی ایل حکام کو سب اچھے کی رپورٹ دیتے ہیں دیپالپور میں کاروباری، سوفٹ ویئر انجینئر ز، وکلاء اور صحافیوں کو پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بند ہونے کی وجہ سے شدید پریشانی اور مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے پی ٹی سی ایل حکام سے فوری طور پر انٹرنیٹ بحال کرنے اور متعلقہ ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کر دیا ہے۔

ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، مساجد اور امام بارگاہوں کا دورہ

بہاولپور (بیورو رپورٹ) ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، ماہ صیام کے پہلے جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔ سیکورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے منصوبہ مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔ سیکورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بالکل برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ شہر بھر میں بند، شہریوں، کاروباری اور سوفٹ ویئر انجینئر زکو شدید مشکلات کا سامنا

دیپالپور (کھیل رپورٹر) پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ شہر بھر میں بند، شہریوں، کاروباری اور سوفٹ ویئر انجینئر زکو شدید مشکلات کا سامنا، پی ٹی سی ایل حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق دیپالپور شہر اور اس کے گردونواح میں ڈیڑھ سو سے زائد صارفین کا پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بند ہوگیا ہے شہریوں کی طرف سے متعدد بار شکایات درج کروانے کے باوجود انٹرنیٹ بند پڑا ہے، مقامی آئیجنج کے بد اخلاق عملہ شہریوں کو شکایت ختم کرنے کی بجائے ان کو مختلف معاملات میں الجھائے رکھتے ہیں ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں پی ٹی سی ایل حکام کو سب اچھے کی رپورٹ دیتے ہیں دیپالپور میں کاروباری، سوفٹ ویئر انجینئر ز، وکلاء اور صحافیوں کو پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بند ہونے کی وجہ سے شدید پریشانی اور مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے پی ٹی سی ایل حکام سے فوری طور پر انٹرنیٹ بحال کرنے اور متعلقہ ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کر دیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے شہر کے مختلف علاقوں میں ریٹیلر شاپس کا دورہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے نگہبان رمضان پیکج پر عملدرآمد جاری ہے اور امدادی رقوم مستحقین تک پہنچائی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے شہر کے مختلف علاقوں میں ریٹیلر شاپس کا دورہ کیا اور رمضان پیکج کی مستحقین تک فراہمی کے جاری عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رقوم کی تیز رفتار فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔



پتوکی لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں 13 افراد زخمی جن میں دو افراد فائر لگنے سے زخمی ہو گئے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں 13 افراد زخمی جن میں دو

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) ہفتہ 8 مارچ 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشتہار انتشارات کے لئے جدید سے جدید شرائط رکھی جاتی ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹلوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تقریب

1

لوانڑیرف نے کنال فی کنال صفائی کرانے کا حکم دیا ہے داروغہ اور انڑیرف نے مشقلی کی ضرورت کو مد نظر رکھ کر سیوریج سسٹم بنانے کی ہدایت کی۔ ذیرا علی نے کہا کہ ہر یونین کونسل میں بنایا گیا کہ واسا اور بھی بھوی طور پر 780 کلومیٹر ایک سے چوٹ 450 کلومیٹر طویل سیوریج پائپ لائنیں بچھائی ہوئی۔ کمپنی کو لاہور انڈیرف نے زیرے ہے۔ لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی سسٹم کے ذریعے کنٹریکٹ کا آغاز کیا جائے گا۔ ''انگلینڈ روزانہ بنیاد پر پروجیکٹ کی نگرانی کرے گا کہ بینک میں مزید ہدایت کی تو تیل کرو انی جائے گی۔ کمپنی کے ساتھ باہمی قانونی امداد ہوچکا ہے۔ لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ساتھ ایڈمنسٹریشن سسٹم کے ذریعے فریقل اور فائنل پارکنگ بھی بنائی جائے گی۔ لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ذریعے 16 ہزار بچے کے بچت کی گئی۔ پہلے فیز میں لاہور کے چھ زون کی تعمیر مرمت اور ڈیولپمنٹ کی جائے گی۔ ڈیولپمنٹ میں فراہمی و نکاسی آب کے ساتھ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ ساتھ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ ساتھ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ

کام کرنے کی جگہوں پر تحفظ کش خواتین کیلئے سازگار ماحول فراہم کیا جائے، سیدہ غلام فاطمہ گیلانی

جنسی ہراسانی کے خاتمہ کے لئے موثر قانون سازی، خواتین کو مردوں کے مساوی اجرتیں اور سہولیات فراہم کی جائے بی ایل ایل ایف

پنجاب انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ کے تحت ٹریڈ یونین میں خواتین کی ۳۳ فیصد نمائندگی کے قانون پر عملدرآمد کروانا ضروری ہے، مہر صفدر علی

لاہور (خبر نگار) بانڈڈ لیبر لبریشن فرنٹ پاکستان کے زیر اہتمام خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے فریئر کیمپ 4 لارنس روڈ ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت سیدہ غلام فاطمہ گیلانی جنرل سیکرٹری بانڈڈ لیبر لبریشن فرنٹ پاکستان نے کی۔ اجلاس سے مارشل پرین صدر بانڈڈ لیبر لبریشن فرنٹ پاکستان، مہر صفدر علی پروگرام کوارڈینیٹر بانڈڈ لیبر لبریشن فرنٹ، محمد شہزاد پروگرام کوارڈینیٹر بانڈڈ لیبر لبریشن فرنٹ پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے سیدہ غلام فاطمہ گیلانی نے کہا کہ ہمارے ملک میں خواتین کو مردوں کے مساوی اجرتیں اور سہولیات فراہم نہیں کی جاتی۔ ہمارے ملک میں سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن پنجاب، نصرت پی پی صدر بھٹہ مزدور یونین ڈسٹرکٹ شیخوپورہ اور سول سوسائٹی نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سیدہ غلام فاطمہ نے کہا کہ کام کرنے کی جگہوں پر محنت کش خواتین کے لیے سازگار ماحول، بنیادی ہراسانی کے خاتمہ کے لئے موثر قانون سازی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)



بی ایل ایل ایف کے زیر اہتمام جنرل سیکرٹری سیدہ غلام فاطمہ خواتین کیعالمی دن کے حوالے واک کی قیادت کررہی ہیں

ارمغان منشیات کیس کراچی پولیس کے لیے سونے کی چڑیا بن گیا

اینٹی نارکوٹکس سیل، اینٹی وائلنٹ کرائم سیل کے کیس کی کمائی کا ذریعہ بنالیا، تفتیشی ورائٹی

منشیات اسمگلنگ نیٹ ورک کیخلاف تحقیقات، ارمغان اور سارحسن سے تفتیش میں اہم نام اگل دیئے

کراچی (این این آئی) ارمغان منشیات کیس کراچی پولیس کے لیے سونے کی چڑیا بن گیا، اسمگلنگ نیٹ ورک سے جڑی اہم شخصیات پر ہاتھ رکھنے کیلئے لاکھوں روپے بٹورنے والے مختلف اداروں کے افسران، سیاستدانوں اور مقتدر حلقوں سے زائد شخصیات پر پوچھ گچھ کے بعد معاملات طے ہوئے ان کے نام کیس سے الگ کردیے، تفتیشی ذرائع کے مطابق مصطفیٰ عامر قتل کیس اور منشیات کی اسمگلنگ و سپلائی کے مبینہ مرکزی ملزم ارمغان اور سارحسن نے تفتیش میں اہم نام اگل دیئے۔ ارمغان کیس میں اہم شخصیات سے بچانا ہاتھ رکھنے کے عوض لاکھوں بٹورے جانے کا انکشاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین کے حقوق کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

آج (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین کے حقوق کا عالمی دن (آج) 8 مارچ کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام سیمینارز، ریلیوں، جلوس، ریلیاں، مذاکرے اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران مقررین خواتین کے حقوق اور ان کو درپیش مسائل کے حل کے متعلق آگاہی فراہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

میو ہسپتال میں ادویات کی 100 فیصد فراہمی کو یقینی بنایا جائیگا: خواجہ سلمان رفیق

ہسپتال انتظامیہ مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں، سرکاری ہسپتالوں کو وسائل روپوں کا بجٹ مریضوں کو علاج کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے بھی دیا جاتا ہے

مریم نواز شریف کی ہدایت پر میو ہسپتال میں ادویات کی 100 فیصد فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، وزیر صحت کی اجلاس میں گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سیٹھا ٹرائومیٹالوجیا ٹریٹمنٹ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں میو ہسپتال لاہور بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود، اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران میو ہسپتال میں سرفہرست ڈیپارٹمنٹ کے حکام نے بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران میو ہسپتال کی بلک پرچیز، سٹاک بیلنس، لائیو ڈیٹا، بورڈ، کمیٹیوں اور دیگر انتظامی امور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سیٹھا ٹرائومیٹالوجیا ٹریٹمنٹ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں میو ہسپتال لاہور بارے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک کو درپیش مسائل بیکار کی صورت اختیار کرتے جارہے ہیں، مسرت جمشید چیمہ

قانون کو پاؤں تلے روندنے کی وجہ سے ملک اس نہج پر پہنچا ہے، جعلی حکمران عوام کو معیشت کی کامیابی والی تصویر دکھا رہے ہیں

آئین اور قانون کی حکمرانی کے بغیر ملک کی مشکلات ختم نہیں ہوسکتیں، پی ٹی آئی عوام کے حق کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جعلی حکمران عوام کو معیشت کی کامیابی والی تصویر دکھا رہے ہیں، آئین اور قانون کی حکمرانی کے بغیر ملک کی مشکلات کبھی ختم نہیں ہوسکتیں، پی ٹی آئی عوام کے حق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)



لاہور: شہری بادشاہی مسجد میں ماہ رمضان کے پہلے جمعۃ المبارک کی نماز ادا کررہے ہیں

ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں کمی سے متعلق پاور ڈویژن کی درخواست منظور

ماہانہ 200 یونٹ پر ڈیکلائڈ گھریلو صارفین کو بھی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں کمی کا فائدہ نہیں ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں کمی سے متعلق پاور ڈویژن کی درخواست منظور کرلی گئی، نیپرا اتھارٹی کے مطابق کراچی سمیت ملک بھر کے 300 یونٹ تک گھریلو، زرعی ٹیوب ویل اور بلنگ اور کریشن کے کمی افسران ثابت ہونے پر لیسکو کے کئی افسران کو برطرف

صارفین کیلئے کی منظوری کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں کمی کا اطلاق 300 یونٹ تک گھریلو صارفین تک محدود ہوگا، نیپرا اتھارٹی کے مطابق ماہانہ ایڈجسٹمنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

لیسکو کے ایکسین کو ایک سال کے لیے ڈی او بنا دیا گیا، 3 ایس ڈی او زکو ملازمت سے فارغ

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کی انتظامیہ نے لائنز اور بلنگ اور کریشن کے الزام میں متعدد افسران کو سزا دیدی۔ لیسکو کی جانب جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایک ایکسین کو ایک سال کے لیے ڈی او بنا دیا گیا جبکہ 3 ایس ڈی او زکو ملازمت سے فارغ کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ ردوبدل اور کریشن کے الزام میں متعدد افسران کو سزا دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایک ایکسین کو ایک سال کے لیے ڈی او بنا دیا گیا ہے